باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | Member AKNS | ABC Certified

www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com

روزنامہ

چیف ایگزیکٹو: ڈاکٹر عمران حسین

کشمیر دھرتی

راولاکوٹ

چیف ایڈیٹر: عابد صدیق ایڈیٹر: عمر خیام

جلد 04 | پیر 12 مئی 2025ء، 14 ذوالقعد 1446ء، 29 بیساکھ 2081 | صفحات 04 / قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 18

پاکستان جغرافیائی سیاسی حکمت عملی کو نئے سرے سے ترتیب دے، ماہرین

پاکستان کو امریکہ کے ساتھ متناسب تعلقات استوار کرنے کی ضرورت ہے، کیونکہ بغیر اس کے حقیقی توازن ممکن نہیں

آئی پی ایس سیمینار میں ایک جامع قومی بیانیہ تشکیل دینے کی ضرورت پر زور، بین الاقوامی و دفاعی امور کے ماہرین کی شرکت

اسلام آباد (صباح نیوز) بین الاقوامی و دفاعی امور کے ماہرین کا کہنا ہے کہ بھارت کے ساتھ تازہ تہذیبی تصادم ہے جس کی جڑیں بی جے پی اور آر ایس ایس کے نظریات میں ہیں، پاکستان کو اپنی فوجی و معاشی صلاحیتوں کو مضبوط کرنے اور قومی یکجہتی کو فروغ دینے کی ضرورت ہے، پاکستان کو اپنی جغرافیائی سیاسی اہمیت کو برقرار رکھنے کے لیے ایک متحد اور واضح قومی نقطہ نظر اپنانا ہوگا۔ ضروری ہے کہ پاکستان عالمی طاقتوں کے ساتھ توازن پر مبنی تعلقات (بقیہ 31 صفحہ 03)

آزاد کشمیر پر بھارتی جارحیت کے نتیجے میں 31 شہید، 123 زخمی، متعدد مکانات تباہ، اعداد و شمار کا حصول جاری

299 رہائشی گھروں سمیت 21 دکانات مکمل تباہ جبکہ 22 مال مویشی بھی ہلاک ہوئے، نیلم میں 2، مظفرآباد 3، باغ 1، پونچھ 6، حویلی 2، کوٹلی 11، بھمبر میں 6 شہید، شہادتوں میں کوٹلی سرفہرست

تفصیلات ابھی اپ ڈیٹ کی جا رہی ہیں جس کے دوران آزاد کشمیر کے تمام اضلاع میں مختلف ڈپٹی کمشنرز کے دفاتر میں قائم کنٹرول رومز کی معاونت سے ڈیٹا کا حصول جاری ہے، فوکل پرسن

اعداد و شمار پر کام مکمل ہونے کے بعد میڈیا نمائندگان کو مطلوبہ معلومات فراہم کی جائیں تا کہ عوام کو درست معلومات کے ذریعے صورتحال سے آگاہ رکھا جا سکے، ڈائریکٹر جنرل SDMA سردار وحید خان

مظفرآباد (دھرتی نیوز) بھارتی جارحیت کے نتیجہ میں ایل او سی اور دیگر ملحقہ علاقوں میں ہونے والی شہادتوں / نقصانات کی غیر حتمی طور پر تفصیلات جاری کر دی گئی ہیں جن کے مطابق آزاد کشمیر بھر میں کل 31 شہید، 123 زخمی، 299 رہائشی گھروں سمیت 21 دکانات مکمل تباہ جبکہ 22 مال مویشی بھی ہلاک ہوئے ہیں۔ سٹیٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی میں قائم کنٹرول روم کے مطابق نیلم میں 2 شہید، 6 زخمی، 10 گھر مکمل جبکہ 37 جزوی تباہ اور 20 (بقیہ 32 صفحہ 03)

مظفرآباد (دھرتی نیوز) ڈائریکٹر جنرل سٹیٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی سردار وحید خان نے موجودہ ملکی صورتحال کے تناظر میں ایس۔ ڈی۔ ایم۔ اے میں قائم کنٹرول روم کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر سٹیٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نعمان شفیق نے انہیں لائن آف کنٹرول کی موجودہ صورتحال (بقیہ 33 صفحہ 03)

مظفرآباد: ڈائریکٹر جنرل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی سردار وحید کو ڈائریکٹر ایس ڈی ایم اے نعمان شفیق و دیگر بریفنگ دے رہے ہیں

ضلعی فوجداری عدالت سے مجرم ضمانت منسوخ ہونے پر فرار

پولیس سنگین اور وارداتوں میں ملوث ملزم کو گرفتار کرنے میں تاحال ناکام

مجرم منیب قریشی کی گرفتاری کیلئے کوششیں، مختلف مقامات پر پولیس چھاپے

مظفرآباد (صباح نیوز) ضلعی فوجداری عدالت مظفرآباد نے بجرائم زیر دفعات Apc 337,506,2 منیب قریشی ولد فاروق قریشی ساکنہ سنگی مظفرآباد کی درخواست (بقیہ 34 صفحہ 03)

پاک بھارت سیز فائر معاہدہ مذاکرات (آج) ہونگے

امریکہ کی مسئلہ کشمیر کے حل میں دلچسپی

پاکستان کا خیر مقدم بھارت کی چیخیں

امریکہ اور سعودی عرب کی ثالثی میں مذاکرات جدہ میں منعقد کیئے جائیں گے جہاں تناؤ کا باعث بننے والے معاملات سمیت سندھ طاس معاہدہ کی بحالی اور دیگران تمام معاملات کو بات چیت کے ذریعے اور سفارتی سطح پر حل کرنے کے پہلے دور کا آغاز ہوگا جو دونوں ممالک کے درمیان چند دنوں سے کشیدگی کا باعث بنتے چلے آرہے ہیں

گزشتہ ماہ اپریل کے آخری عشرہ میں بھارت نے مقبوضہ کشمیر کے سیاحتی مقام پہلگام میں سیاحوں پر ہونے والے مبینہ حملے کا الزام پاکستان پر عائد کرتے ہوئے 2 روز بعد سندھ طاس معاہدہ کی معطلی، واہگہ اٹاری بارڈر کی بندش، سارک ویزہ سکیم کی منسوخی سمیت دیگر اقدامات اٹھائے جس کے جواب میں پاکستان نے شدید ردعمل دیا تھا

پہلگام واقعہ کی آڑ میں بھارت نے پاکستان کی متعدد بار فضائی حدود کی خلاف ورزی، ایل او سی پر شہری آبادی پر شدید گولہ باری سمیت دیگر ایسے اقدامات اٹھائے جس پر پاکستان نے پہلے پوری دنیا کے سامنے بھارتی جارحیت کے ثبوت رکھے، وارننگ دی، بعدازاں ہفتہ کی صبح آپریشن ”بنیان المرصوص“ کا اعلان کرتے ہوئے دشمن کو کرارا جواب دیا

افواج پاکستان کی جانب سے محض پہلی بار ہی جوابی کاروائی کے نتیجہ میں مودی حکومت سمیت بھارتی افواج کی آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئیں، جواب کے نتیجہ میں امریکہ، سعودی عرب سمیت دیگر ممالک کی جانب سے ثالثی کی کوششیں کی گئیں اور ہفتہ کی شام 4:30 سے (آج) بروز پیر 12 مئی دوپہر تک فائر بندی پر اتفاق کیا گیا، مذاکرات اہمیت کے حامل قرار

پاک بھارت جنگ بندی نہ ہوتی تو لاکھوں لوگ مارے جاتے، کہ امریکا کو فخر ہے کہ اس نے اس اہم لمحے میں کردار ادا کیا، پاکستان اور بھارت کے ساتھ مل کر اس دیرینہ مسئلے کا پرامن حل تلاش کیا جائے، دونوں ممالک کے پاس حکمت بھی ہے اور طاقت بھی، دونوں ممالک کے دلیرانہ اقدام نے ان کی میراث میں اضافہ کیا، امریکی صدر

جنگ بندی کے حالیہ معاہدے میں امریکا کا کردار قابل تحسین ہے، صدر ٹرمپ کی مسئلہ کشمیر کے حل میں مدد کی پیشکش کا خیر مقدم کرتے ہیں، پاکستان کا بھرپور خیر مقدم، بھارتی اپوزیشن کی جانب سے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی مسئلہ کشمیر حل کروانے کی کوششوں سے مکمل طور پر انکار، حسب سابق رائے فرار اختیار کرنے کی کوششیں، چیخ و پکار شروع

اسلام آباد (دھرتی نیوز) پاکستان اور بھارت کے درمیان حالیہ کشیدگی کے بعد دونوں ممالک کے مابین مذاکرات (آج) ہوں گے، سرکاری ذرائع کے مطابق امریکہ اور سعودی عرب کی ثالثی میں مذاکرات جدہ میں منعقد کیئے جائیں گے جہاں تناؤ کا باعث بننے والے معاملات سمیت سندھ (بقیہ 35 صفحہ 03)

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ پاک بھارت جنگ بندی نہ ہوتی تو لاکھوں لوگ مارے جاتے، پاکستان اور بھارت کے ساتھ تجارت میں خاطر خواہ اضافہ کریں گے اور دونوں ممالک کے ساتھ مل کر مسئلہ کشمیر کے پرامن حل کے لیے بھی کام کریں گے (بقیہ 36 صفحہ 03)

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان کی جانب سے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی مسئلہ کشمیر کے حل میں مدد کی پیشکش کا خیر مقدم کیا گیا ہے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان شفقت علی خان کے مطابق پاکستان نے امریکی صدر کے پاک بھارت تعلقات سے متعلق بیان کا خیر مقدم کیا ہے، پاکستان نے امریکا سمیت (بقیہ 37 صفحہ 03)

نئی دہلی (اے ایف پی) بھارتی کانگریس ایم پی منیش تیواری نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی کشمیر تنازعے کے حل پر ثالثی کی پیشکش مسترد کردی ہے۔ سوشل میڈیا ایپ ٹوئٹر پر کانگریس کے ایم پی منیش تیواری نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے کشمیر تنازعے کے حل کے بیان پر ردعمل (بقیہ 38 صفحہ 03)

بھارت مسئلہ کشمیر کے پائیدار حل کی راہ میں رکاوٹ ہے، صدر ریاست

بھارت کی طرف سے شہری آبادیوں پر گولہ باری کے جواب میں پاک افواج نے بھارتی فوج کی کئی چوکیوں کو تباہ کیا

معاشرے کو پروان چڑھانے اور خواتین کو معاشرے میں بااختیار بنانے کے لئے ہر شعبے میں آگے بڑھنا ہوگا، بیرسٹر سلطان

اسلام آباد (دھرتی نیوز) صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے کہا ہے کہ پاک فوج نے بھارت کے غرور کو خاک میں ملا دیا ہے ہمیں اپنی پاک فوج پر فخر ہے۔ افواج پاکستان (بقیہ 39 صفحہ 03)

اسلام آباد (دھرتی نیوز) صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود نے کہا (بقیہ 40 صفحہ 03)

اسلام آباد: صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود کے ہمراہ خواتین کا گروپ فوٹو

مکہ مکرمہ، ایک بھارتی شہری حج ضوابط کی خلاف ورزی پر گرفتار

مکہ مکرمہ (صباح نیوز) مکہ مکرمہ میں ایک بھارتی شہری کو حج ضوابط کی خلاف ورزی کے الزام میں گرفتار کر لیا گیا۔ حج سکیورٹی فورسز (بقیہ 41 صفحہ 03)

پاک بھارت جنگ بندی کے باوجود 150 پروازیں منسوخ

کراچی (صباح نیوز) پاک بھارت جنگ بندی کے باوجود پاکستان بھر کی 150 پروازیں منسوخ کردی گئیں۔ پاکستان اور بھارت (بقیہ 43 صفحہ 03)

اوورسیز کو ووٹ کا حق دینے کے معاملہ پر سماعت کا شیڈول

سپریم کورٹ کا آئینی بینچ دائر درخواستوں پر سماعت (آج) منگل کو کریگا

اسلام آباد (صباح نیوز) سپریم کورٹ آف پاکستان کا آئینی بینچ (بقیہ 42 صفحہ 03)

ہماری کامیابی دنیا نے تسلیم کی، وزیر اطلاعات آزاد کشمیر

ملکی سلامتی کیلئے قوم پاک فوج کے پیچھے سیسہ پلائی دیوار کی مانند کھڑی رہی

مظفرآباد (پی آئی ڈی) وزیر اطلاعات آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر مولانا پیر محمد مظہر سعید شاہ نے کہا کہ بھارت کے جنگی جنون کو شکست دینے پر صحافتی، انقلابی صحافیوں اور قوم کی عوام (بقیہ 57 صفحہ 03)

سیز فائر معاہدے کے باوجود بھارتی آبی جارحیت جاری

بھارت نے کشن گنگا ڈیم سے معمول سے کافی زیادہ پانی چھوڑ دیا ہے

عوام خود بھی محفوظ رہیں اور اپنے بچوں کو بھی دریا کے قریب نہ جانے دیں، اپیل

مظفرآباد (صباح نیوز) بھارت نے دریائے نیلم میں کشن گنگا ڈیم سے معمول سے زیادہ پانی چھوڑ دیا جس کے باعث دریائے نیلم کی سطح بہت بلند ہو گئی ہے اور پانی دریا کے کناروں سے آگے بڑھ کر مزید پھیل گیا ہے ڈائریکٹر جنرل ڈیزاسٹر مینجمنٹ سردار وحید خان کے مطابق اطلاعات ملی ہیں (بقیہ 56 صفحہ 03)

تعلیمی سرگرمیاں تعطل کا شکار، بحالی کے حوالے سے فیصلہ (آج) متوقع

موجودہ ملکی صورت حال کے پیش نظر 8 مئی بروز جمعرات سے آزاد کشمیر بھر میں تعلیمی اداروں میں تعطیلات کا اعلان کیا گیا تھا

محکمہ تعلیم سمیت دیگر ذمہ داران حالات کا جائزہ لیتے ہوئے (آج) 12 مئی کو اس حوالے سے مشاورت کے بعد فیصلہ کرینگے

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) پاک بھارت کشیدگی کے بعد آزاد کشمیر میں تعلیمی سرگرمیاں تاحال تعطل کا شکار ہیں، 8 مئی کو حالات کی کشیدگی کے پیش نظر تعلیمی اداروں کو مورخہ 11 مئی بروز اتوار تک بند رکھنے کا فیصلہ کیا گیا تھا تاہم گزشتہ روز بھی ان سرگرمیوں کی بحالی کا فیصلہ نہ کیا جا سکا اور موجودہ حالات کو دیکھتے ہوئے (آج) 12 مئی کو اس حوالے سے حتمی طور پر فیصلہ کر دیا جائے گا۔ مرکزی صدر ایپکا سید اشتیاق حسین بخاری کی سیکرٹری ایجوکیشن سے ٹیلیفونک (بقیہ 58 صفحہ 03)

فی تولہ سونے کی قیمت 3 لاکھ 50 ہزار 900 روپے کی سطح پر برقرار

کراچی (دھرتی نیوز) عالمی مارکیٹ کے زیر اثر پاکستان میں بھی سونے کی (بقیہ 59 صفحہ 03)

بھارت نے پہل کی، ہم نے صرف جواب دیا، ملیحہ لودھی

بھارت کا خیال تھا کہ پاکستان کی معیشت کی طرح دفاع بھی کمزور ہوگا، گفتگو

لاہور (صباح نیوز) امریکا میں پاکستان کی سابق سفیر ڈاکٹر ملیحہ لودھی نے کہا ہے کہ بھارت نے پہل کی ہم نے جواب دیا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر ملیحہ لودھی نے کہا کہ (بقیہ 60 صفحہ 03)

پنجاب میں تعلیمی ادارے (آج) معمول کے مطابق کھلیں گے

لاہور (دھرتی نیوز) پنجاب میں سکول، کالج اور یونیورسٹیز آج (پیر سے) معمول کے مطابق کھلیں گی۔ صوبائی وزیر تعلیم پنجاب (بقیہ 61 صفحہ 03)

اسرائیل کی وحشیانہ بربریت جاری، مزید 23 فلسطینی شہید

جنگ میں شہدا کی مجموعی تعداد 52 ہزار 810 ہو گئی، عرب میڈیا رپورٹ

غزہ (دھرتی نیوز) اسرائیل کی غزہ میں وحشیانہ بربریت جاری ہے اور گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مزید 23 فلسطینی شہید اور متعدد زخمی ہوگئے۔ عرب میڈیا (بقیہ 62 صفحہ 03)

آپریشن ”بنیان المرصوص“ ملک بھر میں یوم تشکر، بھارت میں صورتحال انتہائی مختلف

افواج پاکستان کی بہادری پر پوری قوم کی داد، پیشہ وارانہ کارکردگی، جنگ میں مہارت، دشمن پر خوف طاری کرنے کے بہترین اقدامات کی دنیا معترف

بھارت میں جنگ بندی سے ناخوش بھارتیوں کا اپنے ہی فوجیوں پر حملہ، ایک اہلکار فائرنگ سے زخمی ہوگیا، بھارتی ذرائع ابلاغ کی جانب سے تصدیق

اسلام آباد / نئی دہلی (دھرتی نیوز / مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور بھارت کے درمیان چند دنوں سے جاری کشیدگی کے بعد جنگ بندی کی صبح پاکستان کی جانب سے بھرپور جوابی کاروائی پر پورے ملک میں جشن کا سماں ہے اور افواج پاکستان کے بہادر جوانوں کی شجاعت، دلیری اور استقامت کی ہر جگہ (بقیہ 44 صفحہ 03)

اسلام آباد (اے ایف پی) وزیر اعظم شہباز شریف کی اپیل پر بھارتی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے اور آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر اتوار کو ملک بھر میں یوم تشکر منایا گیا۔ اس موقع پر وطن عزیز کی سلامتی، سالمیت اور استحکام کیلئے اجتماعی دعاؤں اور نوافل کا اہتمام کیا گیا، اللہ (بقیہ 45 صفحہ 03)

بھارت کو پاکستان کی تکنیکی صلاحیتوں پر شدید حیرت ہوئی

پاکستان کی فضائی طاقت بھارت سے زیادہ ہے، دفاعی تجزیہ کار مائیکل کلارک

واشنگٹن (دھرتی نیوز) سکیورٹی اور دفاعی تجزیہ کار مائیکل کلارک نے کہا ہے کہ پاکستان نے چائنیز ٹیکنالوجی استعمال کی، اگر جے 10 سی طیارے نے رفال کو گرایا ہے تو یہ واقعی (بقیہ 46 صفحہ 03)

غزہ کی پٹی پر عائد محاصرہ فوری طور پر ختم کیئے جانے پر زور

لاکھوں شہری بدترین قحط اور بھوک کے خطرے سے دوچار ہیں، یورپی پارلیمنٹ

غزہ (صباح نیوز) یورپی پارلیمنٹ کی متعدد سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے قابض اسرائیل سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ غزہ کی پٹی پر عائد محاصرہ فوری طور پر ختم کرے اور انسانی امداد کی (بقیہ 47 صفحہ 03)

دشمن نے ہماری قوت و صلاحیت کا غلط اندازہ لگایا، سرفراز بگٹی

بھارت کے آسرے بلوچستان پر جنگ مسلط کرنے والوں کو اب سوچنا ہوگا

کوئٹہ (دھرتی نیوز) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بھارت کے آسرے بلوچستان پر جنگ مسلط کرنے والوں کو ایک بار پھر سوچنا ہوگا، ایک بار پھر انہیں قومی دھارے میں شامل ہونے کی دعوت دیتا ہوں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں منعقدہ ورلڈ انٹیلیجنس (بقیہ 48 صفحہ 03)

پاک، بھارت جنگ بندی کا اعلان خوش آئند ہے، سردار عتیق

جب تک مسئلہ کشمیر حل نہیں کیا جاتا، اس خطے میں پائیدار امن ممکن نہیں

مظفرآباد (صباح نیوز) آل جموں و کشمیر مسلم کانفرنس کے صدر و سابق وزیر اعظم سردار عتیق احمد خان نے کہا کہ پاکستان اور بھارت کی جانب سے جنگ بندی کا اعلان خوش آئند ہے۔ تاہم اس کے باوجود جب تک مسئلہ کشمیر کو کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق حل نہیں کیا جاتا، اس (بقیہ 49 صفحہ 03)

موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر انتہائی اہم ایڈوائزری جاری، مشکوک شخص گرفتار

میرپور میں منگلا واپڈا پروجیکٹ کے نزدیک شہریوں نے ایک نوجوان کو مشکوک حالت میں پکڑتے ہوئے پولیس کے حوالے کر دیا، تحقیقات جاری

پولیس کی جانب سے حوالگی کی تصدیق، ابتدائی تفتیش میں نوجوان کی عمر 27,28 سال کے قریب ہے جو خود کو مجذوب ظاہر کر رہا ہے، ذرائع کا دعویٰ

ایل او سی سے ملحقہ متعدد علاقوں میں ہندوستان کی جانب سے مشکوک اشیاء / کھلونا بموں، بن پھٹے بموں (UXBs) کی موجودگی کی رپورٹس

آزاد کشمیر کے جملہ تعلیمی ادارہ جات کو اس نوعیت کے خطرات سے بچانے کے لیے ان کی مکمل سرچ اینڈ سویپ کروائے جانے کی اشد ضرورت پر زور

میرپور (دھرتی نیوز) میرپور میں شہریوں نے ایک مشکوک شخص کو پکڑ کر پولیس کے حوالے کیا ہے جو مین بازار میں لب روڈ گھومتے ہوئے دیکھا گیا، ذرائع کے مطابق منگلا واپڈا پروجیکٹ کے دفتر کے سامنے ایک مشکوک شخص گھوم رہا تھا جسے وہاں موجود لوگوں نے اپنے گھیرے میں لیا تاہم اسے مشکوک پاتے ہوئے پولیس کے حوالے کر دیا گیا، پولیس ذرائع نے اس حوالگی کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ (بقیہ 54 صفحہ 03)

مظفرآباد (پی آئی ڈی) ڈائریکٹوریٹ جنرل سول ڈیفنس آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر محکمہ شہری دفاع کی جانب سے جاری ہونے والی پریس ریلیز میں کیپٹن (ر) ابرار اعظم ڈائریکٹر جنرل سول ڈیفنس نے کہا ہے کہ حالیہ دنوں میں پاکستان آزاد کشمیر میں ہندوستان کی جارحیت اور لائن آف کنٹرول پر واقع شہری آبادی میں بلا اشتعال فائرنگ کی وجہ سے ان علاقوں میں ہندوستان (بقیہ 55 صفحہ 03)

جنگ بندی کے باوجود بھارت کی جانب سے کرتار پور راہداری بند

نارووال (صباح نیوز) جنگ بندی کے باوجود بھارت کی طرف سے (بقیہ 53 صفحہ 03)

LOC پر بھارتی جارحیت، پاک فوج کا منہ توڑ جواب، دشمن کی گنیں خاموش

سیز فائر معاہدہ کے باوجود ہفتہ اور اتوار کی شام بھارتی فورسز نے سول آبادی پر گولے داغے اور جارحیت جاری رکھی

پاک فوج کی جانب سے گولہ باری کرنے والی دشمن کی چوکیوں کے پرخچے اڑا دیئے گئے، بھارتی میڈیا کی آہ و پکار بھی جاری

بھمبر (دھرتی نیوز) بھارت کی جانب سے ایل او سی پر سیز فائر معاہدے کی خلاف ورزیوں کا سلسلہ جاری ہے جبکہ ہفتہ اور اتوار کی شام بھی بھارتی فورسز نے آبادی کو نشانہ بنایا، پاک آرمی کی جانب سے منہ توڑ جواب دیئے جانے کے بعد بھارتی گنوں کے منہ خاموش ہو گئے جبکہ یہ خلاف ورزی ایک ایسے وقت میں کی جا رہی ہے جب دونوں ممالک نے سیز فائر کا اعلان کر دیا ہے، مقامی ذرائع کے (بقیہ 63 صفحہ 03)

بھارت کی طاقت کا غرور خاک میں مل گیا ہے، خواجہ آصف

ہم جنگ کا مومینٹم بڑھا سکتے تھے لیکن جنگ کو بریک لگانے والی آپشن سامنے رکھی

اسلام آباد (دھرتی نیوز) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ بھارت کا خیال تھا کہ پاکستان کی مسلح افواج کی جوابی دفاعی کارروائی سے بھارت کی طاقت کا غرور خاک میں مل گیا ہے۔ ایک انٹرویو میں خواجہ آصف نے کہا کہ پاکستان کو گزرا دے کر شاید اپنی شرائط پر لائیں گے لیکن (بقیہ 64 صفحہ 03)

سعودی عرب میں 15 ہزار غیر قانونی مقیم غیر ملکی افراد گرفتار

غیر قانونی تارکین کو کسی بھی قسم کی سہولت فراہم کرنا ایک سنگین جرم بھی قرار

جدہ (دھرتی نیوز) سعودی عرب میں غیر قانونی تارکین کے خلاف کام کرنے والی مشترکہ کمیٹی نے ایک ہفتے میں کارروائی کرتے ہوئے 15 ہزار غیر قانونی تارکین گرفتار کر لیا۔ سعودی پریس ایجنسی کے مطابق غیر قانونی تارکین کے خلاف کام کرنے والی مشترکہ کمیٹی کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا (بقیہ 51 صفحہ 03)

سری لنکا میں زائرین کی بس حادثے کا شکار، 21 افراد ہلاک، 30 زخمی

کولمبو (اے ایف پی) سری لنکا میں زائرین کی بس حادثے کا شکار ہونے (بقیہ 52 صفحہ 03)

افغانستان میں گانے اور آلات موسیقی بجانے کے الزام میں 14 گرفتار

موسیقی اخلاقی بدعنوانی اور عوام میں پریشانی کا سبب قرار، شاعری اور بغیر موسیقی کے ترانوں کی حوصلہ افزائی

14 افراد رات کے وقت ایک رہائشی گھر میں جمع ہوئے جہاں وہ آلات موسیقی بجا رہے تھے اور گانے گا رہے تھے

کابل (اے ایف پی) شمالی افغانستان میں طالبان حکام نے گانے اور آلات موسیقی بجانے کے الزام میں 14 افراد کو گرفتار کر لیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق طالبان حکومت نے 2021 میں برسر اقتدار آنے کے بعد سے مسلسل ایسے قوانین اور ضوابط نافذ کئے ہیں (بقیہ 50 صفحہ 03)

روزنامہ دھرتی راولاکوٹ شہر.....شہر.....قریہ.....قریہ.....کی خبریں

بھارتی جارحیت کیخلاف پاک افواج کے کامیاب آپریشن پر اظہار تشکر

پاک افواج نے بروقت جرات مندانہ اور فیصلہ کن کارروائی کرتے ہوئے دشمن کے مذموم عزائم کو خاک میں ملا دیا

ہمارے بہادر جوانوں نے دشمن کی جارحیت کو نہ صرف ناکام بنایا بلکہ پوری دنیا پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا، غلام محمد صفی

اسلام آباد(صباح نیوز) کل جماعتی حریت کانفرنس آزاد کشمیر و پاکستان شاخ کے کنوینر غلام محمد صفی نے آزاد کشمیر و پاکستان کے نہتے عوام پر بھارتی قابض افواج کی جانب سے کی جانے والی بزدلانہ اور غیر انسانی جارحیت کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اس جارحیت میں معصوم اور نہتے بچوں، خواتین اور مقدس مقامات کو دانستہ طور پر نشانہ بنایا گیا جو کہ بین الاقوامی قوانین اور انسانی حقوق کی صریح خلاف ورزی ہے۔ کنوینر غلام محمد صفی نے کہا کہ کل جماعتی حریت کانفرنس آزاد کشمیر و پاکستان شاخ، پاک افواج کو اس جارحیت کے فوری اور موثر جواب دینے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتی ہے۔(بقیہ 01 صفحہ 03)

باغ: ڈپٹی کمشنر راجہ صداقت، ایس پی راجہ اکمل جنگی صورتحال میں بہترین کارکردگی دکھانے والے محکمہ جات کے آفیسران کے ہمراہ کیک کاٹ رہے ہیں

باغ، ہنگامی حالات میں بہترین کارکردگی پر مختلف محکمہ جات کو خراج تحسین

ہندوستانی فوج کو پوری قوم نے ملکر جو جواب دیا ہے وہ صدیوں یاد رکھے گی اور آئندہ ایسی گستاخیوں سے باز رہے گی

یہاں پر بسنے والا ایک ایک بچہ صف اول کا سپاہی ہے جو ملک کے لیے ہر وقت جان دینے کو تیار رہتا ہے، ڈپٹی کمشنر باغ

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) باغ ڈپٹی کمشنر راجہ صداقت خان اور ایس پی راجہ اکمل نے جنگی صورتحال میں بہترین کارکردگی دکھانے والے محکمہ جات کے آفیسران کے ہمراہ کیک کاٹا، اس موقع پر تمام محکمہ جات کے آفیسران واہلکاران موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر راجہ صداقت نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستانی فوج کو پوری قوم نے ملکر جو جواب دیا ہے وہ صدیوں یاد رکھے گی، باغ کے محکمہ جات کا ایمرجنسی میں ریلیف کا قابل تحسین رہا بلدیاتی نمائندگان، علمائے کرام، تاجران، سول سوسائٹی، وکلاء، صحافیوں اور عوام نے اداروں کیساتھ ملکر جنگ میں برابر کام کیا جو اس بات کی غمازی ہے کہ یہاں(بقیہ 23 صفحہ 03)

بھارت کبھی نہیں چاہتا تھا کہ کشمیر کا معاملہ اٹھے، شیری رحمٰن

بھارت کو خود احتسابی ضرور کرنی چاہیے کہ وہاں کتنی تباہی ہوئی، گفتگو

اسلام آباد(صباح نیوز) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینیٹر شیری رحمٰن نے کہا ہے کہ بھارت کبھی نہیں چاہتا تھا کہ مسئلہ کشمیر کا معاملہ اٹھے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے شیری رحمٰن نے کہا کہ بھارت کو خود احتسابی ضرور کرنی چاہیے کہ وہاں کتنی تباہی ہوئی۔ شیری رحمٰن نے کہا ہے کہ بھارت میں کتنی تباہی ہوئی وہ خود کبھی نہیں بتائیں گے لیکن سب سامنے آ جاتا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ بھارت نے امن کو ناگزیر نہیں(بقیہ 02 صفحہ 03)

ہماری افواج نے ہندوستان کے جدید ترین دفاعی نظام کو بے کار بنایا، دانیال شہاب مدنی

مظفرآباد(صباح نیوز) ناظم اعلیٰ مرکزی جمعیت اہل حدیث دانیال شہاب مدنی نے کہا ہے کہ آپریشن بنیان مرصوص کی غیر معمولی کامیابی محض ایک فوجی فتح نہیں، بلکہ پاکستان کی اپنی خودمختاری کے دفاع اور بھارتی جارحیت کے خلاف کشمیری عوام کی حفاظت کے لیے اٹل عزم کی گواہی ہے۔ مسلح افواج پاکستان کو اس شاندار کامیابی پر مبارکباد پیش(بقیہ 03 صفحہ 03)

پاکستان کی سیاسی قیادت کا اب امتحان شروع ہوگیا، محمد غالب

عالمی برادری مسئلہ کشمیر حل کرنے کیلئے ذمہ دارانہ کردار ادا کرے، تحریک کشمیر

اسلام آباد(صباح نیوز) تحریک کشمیر یورپ کے صدر محمد غالب نے بھارت اور پاکستان کے درمیان جنگ بندی کے اعلان پر کہا ہے کہ مختلف مسلم ممالک امریکہ اور برطانیہ کی کوششوں سے جنگ بند کرائی گئی ہے اب عالمی برادری کی ذمہ داری ہے کہ وہ مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے اپنا کردار ادا کریں تاکہ آئندہ اس طرح کے حالات اور کشیدگی پیدا نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سیاسی قیادت(بقیہ 22 صفحہ 03)

تربت، کار اور موٹر سائیکل میں تصادم، 3 افراد جاں بحق، ایک زخمی

تربت(صباح نیوز) تربت میں ایم 8 شاہراہ پر بلیدہ کراس کے قریب کار اور موٹر سائیکل میں ٹکر کے باعث 3 افراد جاں بحق جبکہ ایک شخص زخمی ہوگیا، لاشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا، ضروری کارروائی کے بعد لاشیں (بقیہ 24 صفحہ 03)

دشمن پر کڑی نگاہ رکھنے کی ضرورت ہے، سید صلاح الدین

جب تک مسئلہ کشمیر حل نہیں ہوتا ڈرون اور میزائل چلتے رہیں گے، خطاب

مظفرآباد(صباح نیوز) حزب سربراہ اور متحدہ جہاد کونسل کے چیئرمین سید صلاح الدین احمد نے کہا ہے کہ جب تک مسئلہ کشمیر حل نہیں ہوتا ڈرون اور میزائل چلتے رہیں گے اور خون بہتا رہے گا۔ ان خیالات کا اظہار حزب سربراہ اور متحدہ جہاد کونسل کے چیئرمین نے متحدہ جہاد کونسل کے ایک خصوصی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں کہ مزید خون (بقیہ 25 صفحہ 03)

مذاکرات ہی مسائل کے حل کا واحد راستہ ہیں، محمود ساغر

بے مثال فتح نے دونوں جانب کے کشمیری عوام میں ایک نئی امید کی لہر پیدا کی

اسلام آباد(صباح نیوز) جموں و کشمیر ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی کے چیئرمین محمود احمد ساغر نے بھارت اور پاکستان کے درمیان جنگ بندی کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ تمام مسائل خصوصاً مسئلہ کشمیر کے مستقل حل کے لیے جامع مذاکراتی عمل کے فوری آغاز کی ضرورت ہے، مذاکرات ہی مسائل کے حل کا واحد راستہ ہیں۔ جاری کردہ ایک بیان میں فریڈم پارٹی کے قائم مقام چیئرمین(بقیہ 04 صفحہ 03)

باغ: راجہ سجاد احمد ایڈووکیٹ چڑی کوٹلی میں بھارتی گولہ باری سے شہید ہونے والے اسامہ عشرت کے والد سے اظہار تعزیت کر رہے ہیں

محمد صادق خان کی افغانستان کے وزیر داخلہ خلیفہ سراج الدین حقانی سے ملاقات

کابل(صباح نیوز) سابق سفیر اور پاکستان کے خصوصی نمائندہ برائے افغانستان محمد صادق نے افغانستان کے وزیر داخلہ خلیفہ سراج الدین حقانی سے ملاقات کی ہے جس کے دوران اظہار خیال پاکستان ہمسایوں کیساتھ باہمی احترام اور تعمیری اشتراک پر مبنی اچھے تعلقات کا خواہاں ہے۔ رپورٹ کے مطابق دونوں رہنماؤں کی ملاقات افغانستان کے دارالحکومت کابل میں ہوئی، ملاقات کا (بقیہ 05 صفحہ 03)

افواج پاکستان نے دنیا کی تاریخ میں ایک نئے باب کا اضافہ کیا، نذیر خان

نہ صرف پاکستانی قوم بلکہ 57 اسلامی ممالک کی ایک بہترین نمائندگی کا حق ادا کرتے دشمن کو دھول چٹائی گئی

حکومت پاکستان بہادر افواج کیلئے ہر طرح سے سہولیات، ٹیکنالوجی، جنگی ساز وسامان کی فراہمی کیلئے اقدامات کرے

ہورنہ میرہ(دھرتی نیوز) جموں کشمیر پیپلز پارٹی کے مرکزی نائب صدر و ڈسٹرکٹ کونسلر یونین کونسل ہورنہ میرہ نمبردار نذیر خان نے کہا کہ افواج پاکستان کے بہادر جوانوں نے جس طرح دشمنوں کو دھول چٹائی اس سے پوری قوم کے حوصلے بلند ہوئے ہیں، اس وقت پوری دنیا پاکستانی افواج کے بہادر جوانوں کو داد تحسین پیش کر رہی ہے جس سے دنیا کی تاریخ میں ایک نئے باب کا اضافہ ہوا ہے اور ثابت ہو گیا کہ پاکستان وہ واحد اسلامی طاقت ہے (بقیہ 26 صفحہ 03)

جنگ بندی دونوں ممالک کے مفاد میں ہے، مراد علی شاہ

بھارت مسئلہ کشمیر سمیت تصفیہ طلب تنازعات کو بات چیت سے حل کرے

کراچی(صباح نیوز) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ جنگ بندی اہم قدم ہے جس کے باعث دونوں ممالک میں کشیدگی میں کمی ہوگی۔ وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے بیان میں کہا کہ پاکستان میں اس اعلان کو بڑے پیمانے پر پذیرائی ملی، جنگ بندی دونوں ممالک کے درمیان کشیدگی (بقیہ 21 صفحہ 03)

نواز شریف نے بھارت کیخلاف ایک لفظ نہیں بولا، بیرسٹر سیف

جو مکا اور تھپڑ جنگ کے بعد یاد آئے، اسے اپنے ہی منہ پر مار لینا چاہیے

پشاور(صباح نیوز) خیبر پختونخوا حکومت کے مشیر اطلاعات بیرسٹر محمد علی سیف نے طنز کرتے ہوئے کہا ہے کہ نواز شریف نے مودی اور بھارت کے خلاف ایک لفظ بھی نہیں بولا، نواز شریف کی خدمت میں عرض ہے جو مکا اور تھپڑ جنگ کے بعد یاد آئے، اسے اپنے ہی منہ پر مار لینا چاہیے۔ اپنے بیان میں بیرسٹر سیف نے کہا کہ سیز فائر کے بعد بالآخر نواز شریف منظر عام پر آئے، سیز فائر کے بعد نواز شریف کے بیانات خود ان پر الٹ رہے ہیں۔ بیرسٹر سیف نے کہا کہ دوران جنگ باپ بیٹی دونوں نے حد (بقیہ 06 صفحہ 03)

باغ، پاکستان کی ایک تاریخی فتح ہوئی ہے، عثمان اخلاص

بھارت کی فوج کو دندان شکن جواب دے کر عظیم فوج ہونے کا ثبوت دیا

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) آزاد کشمیر کے معروف سیاسی سماجی رہنما عثمان اخلاص نے کہا ہے کہ پاکستان کی مسلح افواج نے بھارت کی فوج کو دندان شکن جواب دے کر عظیم فوج ہونے کا ثبوت دیا ہے، مسلح افواج نے گزشتہ صبح بھارت ایئر بیس اور بجلی کے نظام کو ختم کر کے عظیم کامیابی حاصل کی ہے، پاک فوج نے جو کامیابی کے ساتھ فضائی حملہ کر کے بھارت کو بھاری نقصان پہنچایا اور واپس ہجرت سے (بقیہ 28 صفحہ 03)

مقبوضہ کشمیر میں خوفزدہ بھارتیوں کو نکالنے کیلئے خصوصی ٹرین چلا دی گئی

سرینگر(اے ایف پی) مودی سرکاری نے مقبوضہ کشمیر میں خوفزدہ بھارتیوں کو نکالنے کے لیے نئی دہلی تک خصوصی ٹرین چلا دی۔ خوفزدہ بھارتی بوریا بستر سمیت مقبوضہ کشمیر سے (بقیہ 27 صفحہ 03)

پاکستان نے دشمن کو منہ توڑ جواب دے دیا ہے، سرفراز بگٹی

بھارتی سہارے بلوچستان میں جنگ مسلط کرنیوالے عناصر کو اب سوچنا ہوگا

کوئٹہ(صباح نیوز) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بھارت کے سہارے بلوچستان میں جنگ مسلط کرنے والے عناصر کو اب سوچنا ہوگا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کوئٹہ میں منعقدہ ورلڈ انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کی تقریب میں شرکت کی، اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عالمی باکسنگ چیمپئن شپ کا کامیاب انعقاد بلوچستان اور پاکستان کے لیے ایک خوش آئند اور مثبت قدم (بقیہ 19 صفحہ 03)

گوادر، ایک گھر پر دستی بم حملہ، جوابی کارروائی میں ایک دہشتگرد ہلاک

گوادر(صباح نیوز) گوادر میں ایک گھر پر دستی بم حملہ، پولیس کی فوری کارروائی میں ایک دہشت گرد مارا گیا، ایک اہلکار بھی شہید ہو گیا۔ ترجمان بلوچستان حکومت کے مطابق دہشت گردوں نے بلال مسجد کے قریب ایک گھر پر دستی بم حملہ (بقیہ 20 صفحہ 03)

پاکستانی قوم اور میڈیا بھرپور جشن منا رہے ہیں، عطا تارڑ

پاکستان کی جانب سے سیز فائر کی خلاف ورزی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا

اسلام آباد(اے ایف پی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان کی جانب سے سیز فائر کی خلاف ورزی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، بھارتی حکام کی پریس بریفنگ میں آواز ان کا ساتھ نہیں دے رہی تھی، وہ بولنے کے قابل نہیں تھے، بھارتی میڈیا کو بھی سانپ سونگھ گیا ہے۔ اسلام آباد میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے عطا تارڑ نے کہا پاکستان کے اندر جشن کا ماحول ہے، پاکستان (بقیہ 29 صفحہ 03)

بنگلہ دیش، شیخ حسینہ واجد کی جماعت عوامی لیگ پر پابندی لگا دی گئی

ڈھاکہ(صباح نیوز) عبوری بنگلہ دیش حکومت نے بنگلا دیش کی سابق وزیراعظم شیخ حسینہ واجد کی سیاسی جماعت عوامی لیگ پر پابندی لگا دی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق حسینہ واجد کی جماعت پر انسداد دہشت گردی قانون کے (بقیہ 30 صفحہ 03)

شاریاں: سابق ڈپٹی کمشنر سید اشفاق گیلانی کی ریٹائرمنٹ کے حوالے سے ان کے اعزاز میں الوداعی تقریب میں شرکاء شریک ہیں

دشمن پر ایک عظیم اور تاریخی برتری، باغ میں یوم تشکر، پوری قوم کو مبارکباد

پاکستانی افواج نے بھارت کا جنگی جنون خاک میں ملا کر رکھ دیا، دنیا نے ہمارے ملک کی تاریخی فتح دیکھ لی ہے

سپہ سالار مرد حر چیف آف آرمی سٹاف جنرل عاصم منیر کی شاندار حکمت عملی کو پوری کشمیری قوم سلام پیش کرتی ہے، مقررین

باغ(دھرتی نیوز) وزیر زراعت سردار میر اکبر خان، وزیر وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی سردار ضیاء القمر، جماعت اسلامی کے ضلعی امیر قاضی ساجد چغتائی نے کہا کہ بھارت نے رات کی تاریکی میں نہتے عوام و عبادت گاہوں پر حملوں کا جواب پاکستان کے شاہینوں نے دن کے اجالے میں دے کر ثابت کر دیا کہ پاکستان کی مسلح افواج دنیا کی بہترین بہادر قابل دلیر فوج ہے جس نے مودی کے سر سے جنگ کا بھوت اتار کر پاکستان کے پاؤں پڑنے پر مجبور کیا، پاکستان مسلح افواج کے سپہ سالار مرد حر چیف آف آرمی سٹاف جنرل عاصم منیر کی شاندار حکمت عملی کو پوری کشمیری قوم سلام پیش کرتی ہے۔ ان خیالات (بقیہ 07 صفحہ 03)

باغ: وزیر زراعت سردار میر اکبر خان، وزیر وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی سردار ضیاء القمر، جماعت اسلامی کے ضلعی امیر قاضی ساجد چغتائی و دیگر اظہار تشکر ریلی سے خطاب کر رہے ہیں

آپ جہاد نہیں کر سکتے تو کم از کم بائیکاٹ تو کیجیے

آپ بھی قاتل ہیں!

اسرائیل روزانہ پانچ سو مسلمانوں کو قتل کر رہا ہے روزانہ سو بچوں کو شہید کر رہا ہے آپ بھی فلسطینی بچوں کے قتل میں ملوث ہیں اگر آپ انکی مصنوعات استعمال کر رہے ہیں تو آپ بھی قاتل ہیں۔

BOYCOTT

خدارا!

ہمیشہ کے لئے اسرائیلی مصنوعات کا استعمال بند کردیں اگر آپ یہ سب نہیں کھائیں گے یا پئیں گے تو مر نہیں جائینگے۔

Pakistani Brands

فوج نے ہندوستان کو تاریخی شکست دی، راجہ نجابت حسین

پاک فوج کو ہندوستان کے خلاف اللہ پاک نے فتح دی ہے، خراج تحسین

میرپور(صباح نیوز) چیف آف آرمی سٹاف جنرل حافظ سید عاصم منیر کی قیادت میں پاک فوج، ایئر فورس اور پاک بحریہ نے ہندوستان کو تاریخی شکست دی ہے، پاکستان و آزاد جموں و کشمیر سمیت تمام اوورسیز کشمیری پاکستانی اللہ پاک کے حضور شکرانے کے نوافل ادا کریں، برطانیہ، یورپ، نیلم، لیپہ و دیگر لائن آف کنٹرول کے شہروں میں ہندوستانی فوج سیز فائر کی خلاف ورزی کر رہی ہے (بقیہ 18 صفحہ 03)

لاہور، پنجاب پولیس اور انکے اہل خانہ کیلئے امدادی چیک جاری

مرحوم کانسٹیبل خالد محمود کی بیوہ کو علاج کیلئے 10 لاکھ دیے جائیں گے، ترجمان

لاہور(اے ایف پی) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے پولیس ملازمین، انکے اہلخانہ کے علاج معالجے کیلئے مزید 26 لاکھ 18 ہزار روپے جاری کر دیے۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق مرحوم کانسٹیبل خالد محمود کی بیوہ کو برین ٹیومر کے علاج کیلئے 10 لاکھ روپے دیے جائیں گے، انسپکٹر محمد خالد عمران کو بیوی کے کینسر کے علاج کیلئے 02 لاکھ 25 ہزار روپے دیے گئے، انسپکٹر محمود بٹ، (بقیہ 17 صفحہ 03)

امن کی ہماری خواہش کو کمزوری نہ سمجھا جائے، بلال اظہر کیانی

پاکستان علاقائی سالمیت کے خلاف کسی قسم کی جارحیت کو برداشت نہیں کرے گا

اسلام آباد(صباح نیوز) وزیر مملکت برائے ریلوے بلال اظہر کیانی نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ پاکستان ایک خودمختار ملک ہے جو اپنی آزادی، وقار یا علاقائی سالمیت کے خلاف کسی قسم کی جارحیت کو برداشت نہیں کرے گا۔ اتوار کو یہاں جاری اپنے ایک بیان میں بلال اظہر کیانی نے قوم (بقیہ 16 صفحہ 03)

پوری قوم کو اپنی بہادر افواج پر فخر ہے محمد طاہر کھوکھر

پاکستان آرمی دشمن کے ہر ناپاک ارادے کو خاک میں ملا سکتی ہے

اسلام آباد(صباح نیوز) پاسبان وطن پاکستان کے مرکزی صدر محمد طاہر کھوکھر نے پاکستان افواج کی حالیہ دفاعی کامیابیوں پر کہا ہے کہ پوری قوم کو اپنی بہادر افواج پر فخر ہے پاکستان آرمی نے ایک بار پھر ثابت کر دیا ہے کہ وہ دشمن کے ہر ناپاک ارادے کو خاک میں ملا سکتی ہے پاکستانی فضائیہ کے شاہینوں نے نہ صرف دشمن کے علاقوں میں جرات مندانہ کارروائیاں کیں بلکہ دشمن کے جدید ترین جنگی طیاروں (بقیہ 15 صفحہ 03)

پاک بھارت کشیدگی پر برقیات الیکسین میاں عبید اللہ اور ایس ڈی کی زیر نگرانی عملہ الرٹ

اسپیکر کا بنیان مرصوص کی شاندار کامیابی پر یوم تشکر منانے کا خیر مقدم

پاک فضائیہ کے جانباز شاہینوں نے دنیا بھر میں پاکستان کا نام روشن کیا ہے، ایاز صادق

اسلام آباد(صباح نیوز) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے وزیراعظم پاکستان کی جانب سے آپریشن بنیان مرصوص کی کامیابی پر ملک بھر میں یوم تشکر منانے کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ آج کا دن اللہ رب العزت کے حضور سجدہ شکر بجا لانے کا دن ہے۔ اس موقع پر اسپیکر قومی اسمبلی نے افواج پاکستان کی بے مثال جرات، بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو زبردست (بقیہ 08 صفحہ 03)

پاک فوج نے بے مثال دلیری اور پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کیا، اویس لغاری

اسلام آباد(صباح نیوز) وفاقی وزیر توانائی سردار اویس خان لغاری نے قوم کو یوم تشکر پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستانی قیادت نے بروقت فیصلوں سے دشمن کو منہ توڑ جواب دیا، افواج پاکستان نے بے مثال دلیری اور پیشہ ورانہ (بقیہ 09 صفحہ 03)

اسلام آباد: جماعت اسلامی آزاد کشمیر کے امیر ڈاکٹر محمد مشتاق خان متاثرین ایل او سی کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں

پاکستانی حاجیوں کے لیے منیٰ کے تمام کیمپ ایئر کنڈیشنڈ ہیں محمد یوسف

کیمپ، بستروں کے ساتھ آرام دہ ماحول اور ساماں کیلئے کافی موجود ہے

اسلام آباد(صباح نیوز) وفاقی وزیر مذہبی امور اور بین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف نے سعودی حکومت کی کاوشوں کو اجاگر کرتے ہوئے یقین دلایا ہے کہ سعودی حکومت کے جامع انتظامات کی بدولت رواں سال حج گزشتہ سالوں کے مقابلے میں مثالی ہوگا۔ ایک انٹرویو میں وفاقی وزیر (بقیہ 10 صفحہ 03)

کابل، افغان وزیر خارجہ مولوی امیر خان متقی کی چین اور پاکستان کے خصوصی نمائندے سے ملاقات

کابل(صباح نیوز) افغانستان کے وزیر خارجہ مولوی امیر خان متقی نے کابل میں چین کے خصوصی نمائندے یوشیایونگ اور پاکستان کے خصوصی نمائندے محمد صادق اور ان کے ہمراہ وفود سے ملاقات کی۔ اس نشست میں افغانستان، چین اور پاکستان کے وزرائے خارجہ کے مابین پانچویں (بقیہ 11 صفحہ 03)

بہادر فوج نے بھارت کا غرور خاک میں ملا دیا ہے، علی رضا بخاری

پوری قوم کو اپنی افواج پر فخر ہے شاندار کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہیں

مظفرآباد(صباح نیوز) سابق ممبر قانون ساز اسمبلی آزاد کشمیر ڈاکٹر پیر محمد علی رضا بخاری نے کہا ہے کہ بہادر افواج پاکستان نے بھارت کا غرور خاک میں ملا دیا ہے پوری قوم کو اپنی افواج پر فخر ہے شاندار کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہیں کشمیریوں کی لازوال جدوجہد بھی ضرور رنگ لائے گی ہی (بقیہ 13 صفحہ 03)

آمدنی کے مقابلے میں اخراجات پر قابو، کے پی حکومت 111 ارب سے زائد کی بچت کرنے میں کامیاب

پشاور(صباح نیوز) خیبر پختونخوا حکومت جاری مالی سال 2024-25 کی تیسری سہ ماہی کے اختتام پر آمدنی کے مقابلے میں اخراجات کو کنٹرول میں رکھتے ہوئے 111 ارب سے زائد کی بچت کرنے میں کامیاب ہوگئی۔ تین سہ ماہی کے دوران صوبے کی مجموعی آمدنی 1031 ارب روپے رہی جبکہ اس دوران اخراجات 919 ارب 95 (بقیہ 14 صفحہ 03)

میرپور، شہید سب انسپکٹر عدنان فاروق قریشی کی برسی پر تقریب

خدمات پر بھرپور الفاظ میں خراج عقیدت، بخشش، مغفرت کیلئے خصوصی دعائیں

میرپور(دھرتی نیوز) آزاد کشمیر پولیس کے شہید سب انسپکٹر عدنان فاروق قریشی کی برسی نہایت ہی عقیدت و احترام کے ساتھ منائی گئی۔ ڈی آئی جی پولیس میرپور ریجن چوہدری لیاقت حسین، ڈپٹی کمشنر یاسر ریاض اور ایس ایس پی میرپور کاشف علی شوکت نے شہید کی قبر پر پھولوں کے گلدستے چڑھائے، شہید کی آزاد کشمیر پولیس کے لئے دی جانے والی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا گیا اور شہید (بقیہ 12 صفحہ 03)

For DAILY KASHMIR DHARTI NEWS UPDATE
FOLLOW US ON
Kashmir Dharti Digital
Dailydharti/facebook
Dailydharti/group
Dailydharti/twitter
Dailydharti/Instagram
Dailydharti/zoom
روزنامہ کشمیر دھرتی راولاکوٹ
HD NEWS

چیف ایڈیٹر و پبلیشر عابد صدیق نے کوہسار پریس سے چھپوا کر بینک روڈ راولاکوٹ سے شائع کیا۔ فون 05824-445864 ، فیکس 05824-445865 ای میل dailydharti@gmail.com

بقیہ 1

پاک افواج نے جس پیشہ ورانہ مہارت، جرات اور حب الوطنی کے جذبے کا مظاہرہ کرتے ہوئے "بنیان مرصوص" فوجی آپریشن کو کامیابی سے ہمکنار کیا، وہ قابل تحسین ہے۔ اللہ تعالیٰ کی مدد، جذبہ ایمانی اور وطن عزیز سے لازوال محبت کے تحت ہمارے بہادر جوانوں نے دشمن کی جارحیت کو نہ صرف ناکام بنایا بلکہ پوری دنیا پر اپنی بے مثال طاقت اور صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ امر باعث اطمینان ہے کہ پاک افواج نے بروقت جرات مندانہ اور فیصلہ کن کارروائی کرتے ہوئے دشمن کے مذموم عزائم کو خاک میں ملا دیا۔ کل جماعتی حریت کانفرنس سمجھتی ہے کہ پاک افواج کا یہ کامیاب آپریشن نہ صرف پاکستان کی سلامتی اور خودمختاری کا ضامن بنا ہے بلکہ اس نے کشمیری عوام کے حوصلوں کو بھی بلند کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کل جماعتی حریت کانفرنس پر امید ہے کہ مملکت خداداد پاکستان اس صورتحال کے پیش نظر اب مسئلہ کشمیر کے منصفانہ اور پائیدار حل کے لیے اپنی سفارتی، سیاسی اور اخلاقی کوششوں کو مزید تیز کرے گی۔ وزیر اعظم پاکستان کے قوم کے نام پیغام میں مذاکرات کے لئے کشمیر اور سندھ طاس معاہدے کا ایجنڈا تجویز کرکے درست سمت میں رہنمائی کی ہے۔ یہی ایک صورت ہے جس سے میدان میں جیتی ہوئی جنگ کو میز پر مستحکم کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ 2

گیا، بھارت کی ہندوتوا پالیسی ایک شکست کے بعد تبدیل نہیں ہوگی۔ پیپلز پارٹی کی رہنما نے کہا کہ بھارتی حکومت نے جو اپنی قوم سے وعدے کیے تھے وہ اس کے حلق میں پھنس گئے ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ حقائق نہیں چھپ سکتے، دنیا بھارت سے سوال کر رہی ہے، بھارتی لوگ بھی بھارتی سرکار سے سوالات پوچھ رہے ہیں۔

بقیہ 3

کرتے ہیں۔ پاکستان کی ناقابل شکست مسلح افواج نے انتہائی درستگی اور حکمت عملی کی شاندار مثال پیش کرتے ہوئے ثابت کیا ہے کہ ہمارے وطن اور کشمیر کے معاملے کا دفاع ہماری سب سے اہم اور اولین ترجیح ہے۔ جسے بھارت پاکستان کی خود فریبی سمجھ رہا تھا، وہ دراصل حساب شدہ صبر تھا۔ جب فیصلہ کن لمحہ آیا تو ہماری افواج نے ایک ایسا قاطع اور زبردست جواب دیا

بقیہ 4

محمود احمد ساغر نے کہا کہ یہ اطمینان کی بات ہے کہ دونوں ممالک کی قیادت نے خطرناک کشیدگی کے بعد فوری جنگ بندی پر اتفاق کیا، جو دونوں جوہری ممالک کو جنگ کے دہانے تک لے آئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ یہ دیکھ کر خوشی ہوئی کہ بالآخر بہتر فہم و فراست نے غالب آ کر دونوں ممالک کو جنگ بندی پر مجبور کیا، ہمیں امید ہے کہ امریکہ کی کاوشوں سے ہونے والی یہ جنگ بندی طویل عرصے سے رکی ہوئی جامع مذاکراتی عمل کی بحالی کی طرف لے جائے گی جو مسئلہ کشمیر اور دیگر دو طرفہ تنازعات کے حل کے لیے ناگزیر ہے۔ مسئلہ کشمیر کو تمام تنازعات کی ماں قرار دیتے ہوئے ساغر نے کہا کہ جنوبی ایشیا میں امن و خوشحالی کی راہ کشمیر سے ہو کر گزرتی ہے، کشمیر کا تنازع خطے کی جغرافیائی سیاست میں مرکزی حیثیت رکھتا ہے اور یہ بھارت اور پاکستان کے درمیان کشیدگی اور دشمنی کی سب سے بڑی وجہ ہے۔ انہوں نے بھارتی قیادت پر زور دیا کہ وہ یہ حقیقت تسلیم کرے کہ تنازعات کے حل کا واحد مہذب راستہ بات چیت ہے، ساغر نے اپنے موقف کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ کشمیر کی تمام سیاسی جماعتوں کی قیادت نے ہمیشہ بھارت اور پاکستان کے درمیان بامعنی مذاکرات کی حمایت کی ہے تاکہ مسئلہ کشمیر کا ایسا پائیدار حل نکالا جاسکے جو آئندہ نسلوں کو تنگ کے ساتھ ساتھ خطے کے امن کے لیے مسلسل خطرہ بنا ہوا ہے۔ انہوں نے حالیہ خطرناک تنازع کا حوالہ دیتے ہوئے اس کی مثال دی۔ ساغر نے پاکستان کی سیاسی اور عسکری قیادت کو موجودہ سنگین صورتحال میں غیر معمولی بصیرت اور حکمت عملی کا مظاہرہ کرنے پر سراہا۔

بقیہ 5

مقصد پاکستان، چین اور افغانستان کے مابین چھٹی (6) وزرائے خارجہ ملاقات کیلئے تیاریوں کو حتمی شکل دینا تھا۔

بقیہ 6

پر پی پی ہائی کمانڈ اور سیز فائر کے بعد دونوں ایسے نمودار ہوئے جیسے بھارت انہوں نے فتح کرلیا ہو۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے حقیقی لیڈر عمران خان نے قید میں رہ کر بھی مودی کو للکارا لیکن نواز شریف نے آزاد ہو کر بھی مودی اور بھارت کے خلاف ایک لفظ نہیں بولا، پھر کہتے ہیں قوم عمران خان کے پیچھے کیوں کھڑی ہے۔ بیرسٹر سیف نے کہا کہ مودی کو للکارنے والا مرد مجاہد صرف عمران خان ہے لیکن نواز شریف میں یہ جرات نہیں، نواز شریف صرف جاتی امرا میں مودی کی خاطر تواضع کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جعلی حکومت صرف عمران خان کے خلاف جعلی مقدمات بنانے میں مہارت رکھتی ہے، فارم 47 کی حکومت موجودہ حالات میں بھی سیاسی انتقام سے باز نہیں آرہی۔ مشیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان کو ایک قوم بنانے والا واحد لیڈر عمران خان ہے لہٰذا عمران خان کو فوری طور پر رہا کیا جانا چاہیے۔

بقیہ 7

کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی کی کال پر اظہار تشکر ریلی کے بعد حیدری چوک میں جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جلسہ کی صدارت مولانا سید عطاء اللہ شاہ نے کی۔ اظہار تشکر ریلی سے چیئرمین علماء مشائخ مولانا امتیاز صدیقی، میئر مجاہد قیوم بیگ، سابق سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی تنویر انور، صدر انجمن تاجران حافظ طارق، ممبر ضلع کونسل رشید طاہری، مدیر اشرف، جموں کشمیر یونائیٹڈ موومنٹ کے جنرل سیکرٹری مولانا صہیب کشمیری، صدر انجمن تاجران افتخار زمان، ملک آفتاب اعوان، خورشید کیانی، محمد لطیف لون، خواجہ شبیر شمیم، آزاد طارق، میجر تصور گردیزی، مولانا امرار نقشبندی، مولانا مسعود گردیزی، و دیگر نے خطاب کیا اظہار تشکر ریلی میں باغ کے معروف تاجر و سیاسی سماجی رہنما بلال راٹھر نے شرکاء ریلی میں مٹھائی کھلائی۔ مقررین نے کہا کہ پاکستان کی بہادر افواج نے بھارت کو کرارا جواب دے کر پوری دنیا کو ثابت کر دیا کہ مسلح افواج پاکستان دنیا کی بہترین بہادر، قابل اور باصلاحیت افواج ہے

بقیہ 8

خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی بری، بحری اور فضائی افواج نے مکمل تیاری اور حکمت عملی کے ساتھ ملک کے دفاع کو یقینی بنایا۔ الحمدللہ آج دنیا پاکستانی فضائیہ کو فضاؤں کا بادشاہ اور ہماری مسلح افواج کو دنیا کی بہترین افواج میں شمار کر رہی ہے، جس کا تمام تر کریڈٹ ہماری پاک افواج کو جاتا ہے جن کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی بدولت آج پاکستان کو عظیم مقام حاصل ہوا ہے۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ اس مشکل وقت میں پوری قوم نے مثالی یکجہتی، بیمثال ثابت قدمی اور وطن سے غیر متزلزل وابستگی کا مظاہرہ کیا۔ تمام سیاسی قوتوں نے سیاسی اختلافات سے بالا ہو کر ملکی سلامتی اور بقا کی خاطر یکجہتی کی ایک روشن مثال قائم کی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قومی یکجہتی کے نتیجے میں پاکستان کو کامیابی اور فتح سے ہمکنار فرمایا۔ آپریشن بنیان مرصوص کے تحت دشمن کی جارحیت کا موثر، مکمل اور بھرپور جواب دیا گیا

بقیہ 9

مہارت کا مظاہرہ کیا۔ اتوار کو اپنے بیان میں وفاقی وزیر نے کہا کہ بھارت کی جارحیت کے جواب میں قوم سیسہ پلائی دیوار بنی رہی، دشمن نے حملہ کیا ہم نے تاریخ رقم کی۔ اویس لغاری نے کہا کہ پاکستانی قیادت نے بروقت فیصلوں سے دشمن کو منہ توڑ جواب دیا، وزیراعظم محمد شہباز شریف اور تمام سیاسی قیادت کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جن کی راہنمائی سے پاکستان کو فتح ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان نے بے مثال دلیری اور پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کیا اور قوم کو ان پر فخر ہے، دشمن کی ہر چال کو ناکام بنایا۔ انہوں نے کہا کہ چیف آف آرمی سٹاف جنرل عاصم منیر اور افواج پاکستان کو زبردست خراج تحسین پیش کرتا ہوں، افواج پاکستان کی قربانیوں کو سلام پیش کرتا ہوں

بقیہ 10

نے سعودی حکومت کے حج انتظامات کو سراہتے ہوئے انہیں بہترین اور مثالی قرار دیا۔ انہوں نے عازمین حج کے آرام اور حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے کیے گئے جامع اقدامات پر روشنی ڈالی جو بغیر کسی رکاوٹ کے حج کرنے والوں کے لیے سعودی حکومت کے عزم کو ظاہر کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی مشن کی جانب سے بھی عازمین حج کے لیے غیر معمولی انتظامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا

مکی کے تمام کیمپ ایئر کنڈیشنڈ ہیں جو صوفے، بستروں کے ساتھ آرام دہ ماحول اور سامان رکھنے کے لیے بھی کافی جگہ مہیا کرتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ مدینہ منورہ کے علاقے مرکزیہ میں مسجد نبوی ﷺ سے (قریب ترین پاکستانی زائرین کے لیے رہائش کا انتظام کیا گیا ہے۔ انہوں نے حج مشن کی پوری ٹیم کی لگن کی تعریف کی اور ان پر زور دیا کہ وہ عازمین کو بہترین ممکنہ سہولیات فراہم کریں۔ وفاقی وزیر نے پاکستانی عازمین حج کے لیے بہترین انتظامات کو یقینی بنانے میں مسلسل تعاون پر سعودی حکام کا شکریہ ادا کیا

بقیہ 11

سہ فریقی ڈائیلاگ کے موضوعات، ان پر عملدرآمد اور آئندہ چھٹی نشست کے انعقاد کے حوالے سے گفتگو ہوئی۔ اسی طرح افغانستان کے ہمسایہ ممالک کے وزرائے خارجہ کی آئندہ پانچویں نشست، سیاسی و اقتصادی تعاون پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر خارجہ نے افغانستان کے ساتھ چین اور پاکستان کے سیاسی و اقتصادی تعلقات کو اہم قرار دیا اور امید ظاہر کی کہ مستقبل میں ان شعبوں میں مزید پیشرفت ہوگی

بقیہ 12

نے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی گئی مزار پر پھول چڑھائے گئے جبکہ اس موقع پر پولیس افسران سمیت شہریوں کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ پولیس کے چاک و چوبند دستے نے سلامی پیش کی اور شہید کی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا۔ شہید کی قبر پر پاکستان اور آزاد کشمیر کے قومی پرچم لہرائے گئے۔ برسی کی تقریب میں شریک ہونے والوں نے شہید کے والد محمد فاروق قریشی سے اظہار تعزیت کیا۔ اس موقع پر شہید کے والد محمد فاروق قریشی نے کہا کہ مجھے اپنے بیٹے کی شہادت پر فخر ہے، جس نے اپنے فرائض کی ادائیگی کے لئے جان کا نذرانہ پیش کیا۔ انہوں نے ڈویژنل و ضلعی انتظامیہ، پولیس افسران کی طرف سے حوصلہ افزائی پر شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 13

نسل کو جدید تعلیم و تربیت دے کر ہی دنیا کا مقابلہ کیا جاسکتا ہے رضا فاؤنڈیشن جدید تعلیم کی فراہمی کے لیے کام کر رہی ہے ایم ایم اسماعیل پبلک ہائی اسکول کی علاقہ میں شاندار خدمات ہیں آن کے ساتھ مل کر بچوں کو آئی ٹی کی تعلیم کی فراہمی میں کام کریں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایم ایم اسماعیل پبلک ہائی اسکول ٹھن چھتر میں رضا فاؤنڈیشن یو کے کے تعاون سے قائم کمپیوٹر لیب کے افتتاح کے موقع پر منعقدہ خصوصی تقریب سے بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب سے ایم ایم اسماعیل پبلک ہائی اسکول کے سی ای او معروف سیاسی سماجی رہنما خالد اسماعیل سلہریا سی ای او ایچ ڈی ایس پی سید آفتاب حسین بخاری ممبر ضلع کونسل ندیم ممتاز سلہریا صدیقیہ سکول سسٹم کے کوآرڈینیٹر دانش تنویر چیئرمین ضلع زکوٰۃ ممبر عدیل امتیاز کالس پرنسپل محترمہ صبا و دیگر نے خطاب کیا

بقیہ 14

کروڑ لے ہوئے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے جاری اعداد و شمار کے مطابق جولائی 2024 تا مارچ 2025ء کے دوران تین سہ ماہی کے دوران خیبرپختونخوا حکومت کو مجموعی طور پر 1031 ارب 26 کروڑ کے مالی وسائل حاصل ہوئے جن میں سے مرکزی حکومت کی جانب سے قومی مالیاتی ایوارڈ کے تحت صوبے کو 824 ارب 86 کروڑ روپے موصول ہوئے جبکہ صوبے کو اپنے طور پر حاصل سے 46 ارب 20 کروڑ کی آمدنی ہوئی اور 40 ارب 17 کروڑ روپے نان ٹیکس آمدن رہی

بقیہ 15

کوز میں پوس کرکے بھارت کے غرور کو پاش پاش کر دیا بھارتی پائلٹوں کی گرفتاری نے دشمن کے حوصلے پست کر دیے اور دنیا نے ایک بار پھر پاک فوج کی پیشہ ورانہ مہارت اور دلیری کا اعتراف کیا۔ مودی سرکار کی جارحانہ پالیسیوں کے نتیجے میں عالمی سطح پر شرمندگی کا سامنا کرنا پڑا ہے، اور بھارت کو عسکری و سفارتی محاذ پر شکست کا سامنا ہے یہ کامیابیاں ہماری بہادر افواج اور قربانیوں سے سرشار افواج کی بدولت ممکن ہوئیں۔ انہوں نے کہا کہ آج بھارت کے گھروں میں مائیں بچوں کو ڈرا کر کہتی ہیں چپ ہوجاؤ ورنہ پاکستان فوج آجائے گی جو اس بات کا ثبوت ہے کہ ہماری افواج کا خوف دشمن کے دل میں بیٹھ چکا ہے

بقیہ 16

اور اس کی قیادت کو مبارکباد دیتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ ملک نے ایک بار پھر بیرونی خطرات کا مقابلہ کرتے ہوئے اپنے اتحاد، لچک اور طاقت کا شاندار مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امن کی ہماری خواہش کو کمزوری نہ سمجھا جائے۔ حالیہ بھارتی جارحیت پر تبصرہ کرتے ہوئے وزیر مملکت نے کہا کہ پاکستان کی خوش قسمتی ہے کہ اسے نازک وقت میں فیصلہ کن قیادت میسر آئی

بقیہ 17

سب انسپکٹر انیس خان، ڈرائیور کانسٹیبل جعفر علی کو علاج معالجے کیلئے 02 لاکھ روپے فی کس چیکس جاری کیے گئے۔ ریٹائرڈ اے ایس آئی محمد صفدر، کانسٹیبل محمد نوید، غضنفر محمود کو علاج معالجے کیلئے 01 لاکھ روپے فی کس دیے گئے ہیں۔ کانسٹیبل وقاص لیاقت، اسٹیل جنرل آپریٹر محمد حسن، واشر مین ذوالفقار علی کو علاج معالجے کیلئے مجموعی طور پر 02 لاکھ روپے دیئے گئے۔ اسسٹنٹ طارق محمود، لیڈی کانسٹیبل شاہین افضل، ڈرائیور کانسٹیبل محمد اسد کو علاج معالجے کی مد میں مجموعی طور پر 02 لاکھ 93 ہزار روپے جاری کیے گئے۔ ترجمان کے مطابق آئی جی پی پنجاب نے میڈیکل اسسٹنس کمیٹی کی سفارش کے بعد فنڈز اجرا کی منظوری دی، آئی جی پنجاب کا کہنا ہے کہ مختلف اداروں کے ساتھ ایم او یوز کے تحت بھی ملازمین کو علاج معالجے کی بہترین سہولیات فراہم کر رہے ہیں۔

بقیہ 18

بہت سے کشمیری شہید ہوئے ہیں، حکومت پاکستان عالمی برادری کو آگاہ کرے ہم شدید ظلم و ستم میں ہیں، پاک فوج کو ہندوستان کے خلاف اللہ پاک نے فتح دی، بہت خوش ہیں، اس دن کا انتظار کر رہے ہیں جب ریاست جموں و کشمیر مکمل آزاد ہوگی، ہندوستان سیز فائر معاہدے کی خلاف ورزی کر رہا ہے، بھمبر، برنالہ، سمہنی، نیلم سے لے کر ہر علاقے میں کشمیری شہید ہوئے ہیں، دنیا نوٹس لے۔ راجہ نجابت حسین ستارہ امتیاز، پاکستان چیئرمین جموں و کشمیر تحریک حق خود ارادیت انٹرنیشنل برطانیہ کی میڈیا سے خصوصی گفتگو، برٹش امریکن اور سیز کشمیری راہنما مسلم کانفرنس چوہدری جمیل جمیم کی رہائش گاہ پر خصوصی استقبالیہ تقریب کے موقع پر بحیثیت مہمان خصوصی راجہ نجابت حسین کے ساتھ دیگر شخصیات نے بھی گفتگو کی۔ تقریب میں ملک شوکت مجید سابق سیکرٹری آزاد جموں و کشمیر حکومت، ممتاز قانون دان چوہدری منیر حسین ایڈووکیٹ، اخلاق احمد قریشی سابق منیجر یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ، برطانوی کشمیری صحافی علمی و ادبی شخصیت ساجد یوسف، محمد اسلم راہنما مسلم کانفرنس برطانیہ، قاضی اخلاق احمد، ایکس آفیسر یونائیٹڈ بینک، کرامت حسین بھٹی، سابق ہیڈ ماسٹر چوہدری محمد رشید محکمہ اطلاعات کے موسٹ سینئر ریٹائرڈ آفیسر، راجہ گلو یز سینئر راہنما پاکستان مسلم لیگ ن، طاہر الاسلام سینئر مدرس ہائی سکول نیو سٹی میرپور، مقبول حسین سیاسی و سماجی شخصیت، چوہدری اور کیٹرب راہنما تارکین وطن، سینئر ٹی وی ریڈیو اینکر پرسن صحافی جنید انصاری اور دیگر نے بھی شرکت کی

بقیہ 19

ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس ایونٹ کے ذریعے دنیا کو امن، استحکام اور پاکستان کی مثبت تصویر کا پیغام گیا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ دشمن نے شاید پاکستان کی صلاحیت اور قوت کا غلط اندازہ لگایا تھا، لیکن اب اسے بخوبی اندازہ ہو چکا ہے کہ یہ قوم اپنے دفاع کے لیے کس حد تک جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کبھی جنگ نہیں چاہتا تھا لیکن جب بھی جنگ مسلط کرنے کی کوشش کی گئی، دشمن کو منہ توڑ جواب ملا ہے۔ سرفراز بگٹی نے پاک افواج، آرمی چیف، نیول چیف اور سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے عوام مادر وطن کے ان محافظوں کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے ایک بار پھر ثابت کیا کہ وہ ہر لمحہ ملک کے دفاع کے لیے تیار ہیں۔

بقیہ 20

گیا جس سے تین افراد زخمی ہوگئے۔ ترجمان شاہدرہ نے بھی بتایا کہ پولیس نے واقعے کی اطلاع ملتے ہی فرار ہونے کی کوشش کرنے والے حملہ آوروں کو گھیر لیا جس پر فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ پولیس سے مقابلہ میں ایک حملہ آور ہلاک اور ایک زخمی ہوگیا جبکہ پولیس اہلکار محمد شاہد فرض کی ادائیگی کے دوران جام شہادت نوش کرگئے۔

بقیہ 21

میں بھی کی جانب ایک اہم قدم ہے اور دونوں ممالک کو بات چیت کے ذریعے معاملات حل کرنے کا موقع فراہم کرتی ہے۔ مراد علی شاہ نے بھارت پر زور دیا کہ وہ مسئلہ کشمیر سمیت تمام تصفیہ طلب تنازعات کو مستقل بات چیت اور مذاکرات کے ذریعے پرامن طریقے سے حل کرے۔ انہوں نے قومی سلامتی کو برقرار رکھنے میں مسلح افواج کے کردار کو سراہا۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے خصوصی طور پر پاک فضائیہ، صدر آصف علی زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت کو مبارکباد پیش کی جن کی کوششوں اور اقدامات سے جلد ہی جنگ بندی ممکن ہوگی۔ مراد علی شاہ نے دوست ممالک بالخصوص امریکا کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے معاہدے کے حصول کو آسان بنانے کے لئے سفارتی طور پر اہم کردار ادا کیا۔

بقیہ 22

کا اب امتحان شروع ہوگیا کہ مذاکرات کی میز پر کیا کارکردگی دکھاتے ہیں، ماضی میں کارگل اور پلوامہ حملے کے بعد پاکستان نے سیاسی محاذ پر کمزوری دکھائی اور کچھ حاصل نہیں ہوا مسئلہ کشمیر پر کوئی پیش رفت نہیں ہوئی، 5 اگست 2019 کے بھارتی اقدامات پر پاکستان خاموش رہا اور مسئلہ کشمیر پس منظر میں چلا گیا، دیکھتے ہیں ان حالات اور معاملات سے پاکستان کیا فائدہ اٹھاتا ہے جنگ کے میدان میں جیتی ہوئی جنگ کو مذاکرات کی ٹیبل پر کیسے جیتے گا۔ محمد غالب نے کہا کہ پاکستان کو مسئلہ کشمیر پر فوکس کرنا چاہیے باقی سارے مسائل مسئلہ کشمیر کے ساتھ وابستہ ہیں مسئلہ کشمیر حل ہوگا تو باقی مسائل بھی حل ہو جائیں گے۔

بقیہ 23

پر جینے والا ایک بچہ صف اول کا سپاہی ہے جو ملک کے لیے بروقت جان دینے کو تیار رہتا ہے۔ باغ میں گولہ باری سے زخمی ہونے والوں کی بروقت ریسکیو کرکے ہسپتال لانے میں 1122 سول ڈیفنس پولیس صحت کے لوگوں نے بہترین کردار پیش کیا جس پر انہیں مبارکباد دیتا ہوں باغ کا ہر کمیٹی گروپ جنگ کے دوران اداروں کی پشت پر رہا اور فرنٹ پر رہنے والوں کے لیے ہر وقت قربانی دینے کو تیار رہا باغ کی عوام اور اداروں کو جنگ میں جذبہ جہاد کے ساتھ دشمن کے خلاف کھڑا ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے توقع رکھتا ہوں کہ آئندہ بھی ایسی کسی صورتحال میں قوم متحد رہے گی۔

بقیہ 24

کو ورثا کے حوالے کر دیا گیا۔ اسپتال ذرائع کے مطابق حادثے میں زخمی ہونے والے شخص کو طبی امداد مہیا کی جا رہی ہے۔

بقیہ 25

خرابے کے بغیر پاک بھارت جنگ بندی عمل میں آئی ہے لیکن یہ سکون کا سانس لینے کا وقت نہیں ہے بلکہ دشمن پر کڑی نگاہ رکھنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک بنیادی مسئلہ یعنی قضیہ کشمیر کشمیریوں کی مرضی کے مطابق حل نہیں ہوتا جنگ کے بادل منڈلاتے رہیں گے اور ڈرون اور میزائل چلتے رہیں گے اور سرحد کے آر پار بسنے والے لوگوں کا خون بہتا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاک بھارت مذاکرات اور تعلقات جب بھی بحال ہو جائیں تو ہر حال میں کشمیر سینٹرک ہونے چاہئیں، ایک ہمہ گیر متواتر اور جاندار سفارتی مہم کے ذریعے عالمی اداروں اور طاقتوں کو ان کے کئے گئے وعدے یاد دلاتے ہوئے یو این او قراردادوں پر عمل کرنے پر آمادہ کیا جائے۔ سید صلاح الدین احمد نے واضح کیا کہ مقبوضہ ریاست میں دہشتگردی کا راج ہے، قابض فورسز کے ہاتھوں جعلی مقابلوں میں نوجوانوں کا قتل عام، زمین جائیدادوں اور معاشی وسائل سے جبری بے دخلی، گرفتاریاں اور شہادتیں، گولیوں کی گھن گرج اور کریک ڈاؤن و تلاشی روزمرہ کا معمول بنا ہوا ہے۔ اسرائیلی طرز پر نسل کشی کی جارہی ہے

بقیہ 26

جس نے 57 اسلامی ممالک کی بہترین ترجمانی کا حق ادا کرتے ہوئے کفار پر وہ یلغار کی کہ ان کے اتحادیوں کی بھی چیخیں نکل گئیں۔ آپریشن بنیان مرصوص نے اسلامی تاریخ اور روایات کو ایک بار پھر سے تازہ کر لیا جس پر ہم اپنے جوانوں کو دل و جان سے خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور حکومت پاکستان سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ ہماری افواج کو مزید مضبوط و مستحکم کرنے کیلئے ہر طرح سے سہولیات، جنگی ساز و سامان اور دیگر وہ تمام ضروریات مہیا کرے کہ جس سے مستقبل میں دشمن کے ہر وار کو ناکام بنانے کی حکمت عملی مرتب دی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ بہادر افواج پاکستان نے نہ صرف اپنی قوم بلکہ تمام اسلامی ممالک کا سر بھی پوری دنیا میں بلند کیا ہے اور نماز فجر کے بعد صبح کی روشنی میں علی الاعلان آپریشن کا آغاز کرکے یہ ثابت کیا کہ ہمارا اسلام بزدل دشمن کی طرح اندھیرے میں چھپ کر رات کی تاریکی میں نہیں بلکہ روشنی میں دشمن کو وارننگ دے کر حملہ کرنے کا درس دیتا ہے۔ اللہ ہماری افواج کو ثابت قدم رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔

بقیہ 27

جانے لگے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پاکستان کے حملوں کے بعد مقبوضہ کشمیر میں موجود بھارتی شہریوں میں بھگدڑ مچ گئی۔ بھارتی شہریوں کی بڑی تعداد ریلوے اسٹیشن پہنچ گئی، انتظامیہ کی دوڑیں لگ گئیں اور حالات بے قابو ہوگئے۔ کسی حادثے سے بچنے اور خوفزدہ بھارتیوں کو نکالنے کے لیے مودی سرکاری کو مقبوضہ کشمیر سے نئی دہلی تک خصوصی ٹرین چلانا پڑی۔ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی شہریوں کی بڑی تعداد بوریا بستر سمیت ریلوے اسٹیشن پر پہنچ گئی اور بھارت کی جانب جانے والی ٹرینوں پر سوار ہونے لگی۔ بھگدڑ سے بچنے کے لیے مودی سرکار نے نئی دہلی کے لیے خصوصی ٹرین چلائی، تاکہ پاک فضائیہ کے خوفناک حملوں سے انہیں بچایا جاسکے۔ ذرائع کے مطابق مودی سرکار نے بھارتیوں کو مقبوضہ کشمیر سے نکالنے کے لیے نہ صرف ہنگامی بنیادوں پر خصوصی ٹرین چلانے کا فیصلہ کیا بلکہ انہیں کشمیر سے نئی دہلی تک مفت پہنچانے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔

بقیہ 28

آج اس شاندار کامیابی پر انہیں سلام پیش کرتے ہیں، جس جرات و بہادری کے ساتھ انہوں نے مقابلہ کیا وہ تاریخ میں سنہری حروف میں لکھا جائے گا، انہوں نے کہا کہ گیا کہ بھارت نے آزاد کشمیر پر دوبارہ غلطی کی تو پاکستان کی مسلح افواج منہ توڑ جواب دینے کی صلاحیت رکھتی ہے، آزاد کشمیر کے عوام مسلح افواج کے ساتھ شانہ بشانہ جنگ لڑنے کے لیے تیار ہے، بھارتی افواج نے رات کی تاریکی میں بزدلانہ حملہ کرکے مساجد کو شہید کیا جس کا جواب ہم دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پاکستانی افواج نے جس کمال مہارت جرات بہادری کے ساتھ ہندوستان کے چھکے چھڑا دیے ہیں ہم اس پر پاکستان مسلح افواج کے سپہ سالار جنرل عاصم منیر کو مبارکباد پیش کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کے عوام کے اندر اس وقت جوش و جذبہ کے ساتھ بھرپور بھارتی افواج کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہیں ہم اس موقع پر بھارتی افواج کو دندان شکن جواب دینے کے لیے تیار ہیں۔

بقیہ 29

نے جس انداز میں بھارت کو منہ توڑ جواب دیا اس پر عوام جشن منا رہے ہیں، بھارتی سیکرٹری خارجہ ملٹری ترجمان کے ہمراہ پریس بریفنگ میں بولنے کے قابل نہیں تھے، آواز بھی ان کا ساتھ نہیں دے رہی تھی۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ بھارتی میڈیا کو بھی سانپ سونگھ گیا ہے، بھارت کا مسئلہ یہ ہے کہ وہ ہمیشہ من گھڑت اور بے بنیاد الزامات عائد کرتا ہے، ہماری جانب سے سیز فائر کی خلاف ورزی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ وفاقی وزیر اطلاعات کا مزید کہنا تھا کہ بھارت کو ایسے الزامات عائد نہیں کرنے چاہئیں، پاکستان کی طرف سے کسی قسم کی خلاف ورزی نہیں ہوئی، پاکستانی قوم اور میڈیا جشن منا رہے ہیں، بھارت کو ہمارے موثر جواب کے بعد پاکستان کو عزت ملی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی جارحیت کے خلاف جوابی کارروائی میں پاکستان کو شاندار کامیابی نصیب ہوئی ہے

بقیہ 30

تحت پابندی لگائی گئی۔ اس حوالے سے حکومتی مشیر کا کہنا ہے کہ عوامی لیگ کی سرگرمیاں مقدمے کی سماعت مکمل ہونے تک معطل رہیں گی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق عبوری حکومت نے انٹرنیشنل کرائمز ٹربیونل ایکٹ میں ترمیم کی بھی منظوری دے دی، ترمیم سے سیاسی جماعتوں اور منسلک اداروں پر مقدمہ چلانے کی اجازت دی گئی ہے۔ دوسری جانب عوامی لیگ نے عبوری حکومت کے اس اقدام کو ناجائز قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا

بقیہ 31

استوار کرے، معاشی اور فوجی مضبوطی کو یقینی بنائے، اور داخلی یکجہتی کو فروغ دے۔ ایک جامع قومی بیانیہ تشکیل دینا، نظریاتی تقسیم اور انفارمیشن کے چیلنجز کا مقابلہ کرنا بھی اہم ہیں۔ ان خیالات کا اظہار وفاقی و بین الاقوامی امور کے ماہرین نے (انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز) آئی پی ایس میں منعقدہ سیمینار سے خطاب میں کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر انیلا شہزاد کی تصنیف "جیو پولیٹکس: کثیر الجہتی دنیا میں فریم ورکس اور ڈائنامکس" کی تقریب رونمائی بھی ہوئی۔ یہ کتاب اقوام کے درمیان متوازن تعلقات کو فروغ دینے کے چیلنجز اور مواقع پر روشنی ڈالتی ہے۔ تقریب میں امریکہ میں پاکستان کے سابق سفیر، سابق صدر آزاد کشمیر سردار مسعود خان نے کلیدی خطاب کیا، جبکہ دیگر مقررین میں سابق سفیر نغمانہ ہاشمی، یونیورسٹی آف واہ کے سوشل سائنسز کے سابق ڈین ڈاکٹر نذیر حسین، نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی کے ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر خرم اقبال، بحریہ یونیورسٹی کے ہیومینٹیز اینڈ سوشل سائنسز کے ڈین ڈاکٹر آدم سعود، دفاعی ماہر بریگیڈیئر (ر) سید نذیر، آئی پی ایس ایسوسی ایٹ ڈاکٹر ظفر الیاسین، چیئرمین آئی پی ایس خالد رحمن، وائس چیئرمین آئی پی ایس اور سابق سفیر سید ابرار حسین اور انیلا شہزاد شامل تھے۔ امریکہ میں پاکستان کے سابق سفیر مسعود خان نے کہا کہ پاکستان تاریخی طور پر امریکہ پر سلامتی کے لیے انحصار کرتا رہا ہے، لیکن اب چین کے ساتھ اسٹرٹیجک تعلقات بڑھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو امریکہ کے ساتھ مناسب تعلقات استوار کرنے کی ضرورت ہے، کیونکہ بغیر اس کے حقیقی توازن ممکن نہیں۔ انہوں نے بھارت کے ساتھ تنازع کو تہذیبی تصادم قرار دیا، جس کی جڑیں بی جے پی اور آر ایس ایس کے نظریات میں ہیں، اور پاکستان کو اپنی فوجی و معاشی صلاحیتوں کو مضبوط کرنے اور قومی یکجہتی کو فروغ دینے پر زور دیا۔ سابق سفیر نغمانہ ہاشمی نے چین کے ساتھ مضبوط اور مخلصانہ تعلقات کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ امریکہ کے ساتھ بھی کثیر الجہتی تعلقات ضروری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چین کے ساتھ گہرے تعلقات پر دباؤ بڑھے گا، اس لیے ان تعلقات کو احتیاط سے سنبھالنا ہوگا۔ ڈاکٹر خرم اقبال نے کہا کہ پاکستان کو اپنی خارجہ پالیسی کو کثیر الجہتی حقیقت کے مطابق ڈھالنا ہوگا۔ عالمی سطح پر نئے اتحاد بن رہے ہیں، جنہیں پاکستان کو نظرانداز نہیں کرنا چاہیے۔

بقیہ 32

دکانات کو نقصان پہنچا ہے، مظفرآباد میں 3 شہید، 3 زخمی جبکہ 4 گھر مکمل اور 9 جزوی تباہ ہوئے ہیں جہلم ویلی میں 12 زخمی، 9 گھر مکمل جبکہ 67 کو جزوی نقصان پہنچا، باغ میں 1 شہید، 4 زخمی، 1 گھر جزوی تباہ ہوا، پونچھ میں 6 شہید، 27 زخمی 13 گھر مکمل جبکہ 118 جزوی طور تباہ ہوئے ہیں، سدھنوتی میں کسی نقصان کی اطلاع نہیں، اسی طرح حویلی میں 2 شہید، 18 زخمی، 2 گھروں کو جزوی طور پر نقصان پہنچا، کوٹلی میں 11 شہید، 31 زخمی، 1 گھر مکمل جبکہ 23 کو جزوی طور پر نقصان پہنچا جبکہ 1 دکان تباہ اور 3 مویشی بھی ہلاک ہوئے ہیں۔ اسی طرح میرپور میں کوئی نقصان نہیں ہوا جبکہ بھمبر میں 6 شہید، 22 زخمی، 2 گھروں کو جزوی طور پر نقصان پہنچا جبکہ 11 مویشی ہلاک ہوئے، فوکل پرسن کے مطابق تفصیلات ابھی اپ ڈیٹ کی جا رہی ہیں جس کے دوران آزاد کشمیر کے تمام اضلاع میں مختلف ڈپٹی کمشنرز کے دفاتر میں قائم کنٹرول روم کی معاونت سے ڈیٹا کا حصول جاری ہے۔ فوکل پرسن نے مزید بتایا کہ مختلف اضلاع میں اس حوالے سے ابھی کام جاری ہے اور ہونے والے نقصان کے اعداد و شمار اکٹھے کیے جا رہے ہیں جس کے دوران لوگوں سے بھی اپیل کی گئی ہے کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں ہونے والے ان نقصانات کی تفصیلات ڈپٹی کمشنرز کے دفاتر میں قائم کنٹرول روم تک پہنچائیں تاکہ انہیں جلد از جلد مکمل کیا جاسکے۔

بقیہ 33

اور اعداد و شمار پر بریفنگ دی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر اطلاعات سید آصف حسین نقوی اور محمد بلال سراج شیخ بھی موجود تھے۔ ڈائریکٹر جنرل سٹیٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی سردار وحید خان نے کنٹرول روم کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ لائن آف کنٹرول کی لمحہ بہ لمحہ صورتحال تمام ڈسٹرکٹ آفیسران اور انتظامیہ سے حاصل کی جائے تاکہ حکام بالا کو صورتحال کے بارہ میں اپ ڈیٹ کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ اطلاعات کے فوکل پرسن سید آصف حسین نقوی اعداد و شمار کے بارہ میں میڈیا نمائندگان کو مطلوبہ معلومات فراہم کریں تاکہ عوام کو درست معلومات کے ذریعے صورتحال سے آگاہ رکھا جاسکے اور فیک نیوز و غلط معلومات نہ پھیلنے پائیں۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر اشتہارات سید آصف حسین نقوی نے کہا کہ موجودہ صورتحال میں میڈیا کا کردار نہایت اہم ہے۔ محکمہ اطلاعات سوشل میڈیا کے ذریعے عوام کو درست معلومات کی لمحہ بہ لمحہ فراہمی یقینی بنا رہا ہے۔

بقیہ 34

ضمانت قبل از گرفتاری زیر مسل نمبری 2025/78 مسترد کرکے ملزم گرفتاری کے خوف سے احاطہ عدالت سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا تفصیلات کے مطابق مستغیث مقدمہ شبیر احمد ولد عبد علی قوم میر ساکنہ رشید آباد کو نیب قریشی سمیت 10 نامعلوم افراد نے مسلح حملہ کرکے جان سے مارنے کی کوشش کی اور ایک لاکھ روپے بھی چوری کر لیے جس پر مستغیث شدید زخمی ہوا اور عرصہ دراز سے مستغیث کے زیر قبضہ اراضی ہتھیانے کے درپے ہیں مستغیث کی تحریری درخواست پر تھانہ پولیس سول سیکرٹریٹ مظفرآباد نے نیب قریشی اور دیگر افراد کے خلاف مقدمہ درج کیا تھا۔ ملزم نیب قریشی نے ضمانت قبل از گرفتاری حاصل کر رکھی تھی سیشن فوجداری عدالت مظفرآباد سے ملزم کی درخواست ضمانت مسترد ہوتے ہی ملزم احاطہ عدالت سے فرار ہوگیا۔ مستغیث مقدمہ کی جانب سے ماہر قانون دان ذوالفقار حسین سلہریا ایڈووکیٹ ہائی کورٹ نے مقدمہ کی پیروی کی۔ پولیس اس نوعیت کے سنگین اور وارداتی ملزمان کو گرفتار کرنے میں تاحال ناکام نظر آرہی ہے

بقیہ 35

طاس معاہدہ کی بحالی اور دیگر ان تمام معاملات کو بات چیت کے ذریعے حل کرنے کے پہلے دور کا آغاز ہوگا جو دونوں ممالک کے درمیان کچھ دنوں سے کشیدگی کا باعث بنتے چلے آرہے ہیں۔ واضح رہے کہ بھارت کی جانب سے مقبوضہ کشمیر کے سیاحتی مقام پہلگام میں ہونے والے مبینہ حملے کا الزام پاکستان پر عائد کرتے ہوئے سندھ طاس معاہدہ معطل، واہگہ اٹاری بارڈر بند، سارک ویزہ کے تحت بھارت میں موجود تمام پاکستانیوں کو 48 گھنٹے میں ملک چھوڑنے کا حکم، تمام پاکستانیوں کے ویزے منسوخ، نیوی اور ائیر فورس کے پاکستانی فوجی اتاشی ناپسندیدہ شخصیات قرار، بھارت نے پاکستان دفاعی اتاشیوں کو 7 روز میں ملک چھوڑنے کا حکم، پاکستان سے اپنے تینوں بری، بحری اور فضائی دفاعی اتاشی واپس بلانے کا اعلان، اسلام آباد میں ہائی کمیشنز میں عملہ 55 سے کم کرکے 30 کرنے سمیت دیگر اقدامات اٹھانے کا اعلان کیا تھا جبکہ پاکستان نے بھی اس کے جواب میں انتہائی اہم نوعیت کے اقدامات اٹھائے تھے جس کے بعد دونوں ملکوں کے مابین صورتحال کشیدگی اختیار کرتی چلی گئی اور وقفے وقفے سے بھارت کی جانب سے فضائی حدود کی خلاف ورزیاں، ایل او سی پر گولہ باری اور شہری آبادیوں کو نشانہ بنانے کے واقعات رپورٹ ہوئے جس پر پاکستان نے پہلے عالمی طاقتوں کو بھارتی جارحیت کے بارے میں آگاہ کیا اور ہفتہ کی صبح آپریشن بنیان المرصوص کا آغاز کیا اور بھارت کو انتہائی کرارا جواب دیا

بقیہ 36

۔ اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر جاری بیان میں صدر ٹرمپ نے پاکستان اور بھارت کی قیادت کی جانب سے جنگ بندی کے فیصلے کو دانشمندی اور جرات مندانہ قرار دیا اور کہا کہ امریکا کو فخر ہے کہ اس نے اس اہم لمحے میں کردار ادا کیا۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ پاکستان اور بھارت کی قیادت نے صحیح وقت پر جنگ بندی کا فیصلہ کیا، اگر جنگ بندی نہ ہوتی تو بہت سارے لوگ مارے جاتے اور تباہی پھیلتی۔ میں دونوں ممالک کی مضبوط اور غیر متزلزل قیادت پر فخر محسوس کرتا ہوں۔ آپ کے بہادرانہ اقدام نے آپ کی میراث میں اضافہ کیا ہے۔ امریکی صدر نے واضح کیا کہ یہ بات ابھی زیر بحث نہیں آئی، لیکن میں پاکستان اور بھارت دونوں کے ساتھ تجارت کو نمایاں طور پر بڑھانے کا ارادہ رکھتا ہوں۔ انہوں نے مسئلہ کشمیر پر بات کرتے ہوئے کہا کہ میں دیکھوں گا کہ کیا ہزار سال بعد اس مسئلے کا کوئی حل نکالا جاسکتا ہے۔

بقیہ 37

دیگر دوست ممالک کے تعمیری کردار کو سراہا۔ ترجمان کے مطابق جنگ بندی کے حالیہ معاہدے میں امریکا کا کردار قابل تحسین ہے، صدر ٹرمپ کی مسئلہ کشمیر کے حل میں مدد کی پیشکش کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کا حل اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق ہونا چاہیے، کشمیریوں کو حق خودارادیت دینا لازم ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان امریکا سے تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون بڑھانے کا خواہاں ہے۔ پاکستان علاقائی امن، سلامتی اور خوشحالی کے لیے عالمی برادری سے رابطے میں رہے گا۔

بقیہ 38

دیتے ہوئے کہا کشمیر ہزاروں سال پرانا تنازع نہیں، امریکی اسٹیبلشمنٹ کو اپنے صدر کو بہتر ایجوکیٹ کرنے کی ضرورت ہے، کشمیر تنازع 22 اکتوبر 1947 کو شروع ہوا جسکو 78 سال ہو چکے ہیں۔

بقیہ 39

نے بھارت کی جارحیت کا بہترین حکمت عملی اور زبردست تکنیکی مہارت کے ساتھ منہ توڑ جواب دیتے ہوئے بھارت کو ناکوں چنے چبوائے اور بھارت کے ائیر ڈیفنس سسٹم، S-400 دفاعی نظام سمیت دیگر اہم تنصیبات کو تباہ کیا۔ لائن آف کنٹرول پر بھی بھارت کی طرف سے شہری آبادیوں پر گولہ باری کے جواب میں پاک افواج نے بھارتی فوج کی کئی چوکیوں کو تباہ کیا جس سے بھارت گھٹنے ٹیکنے پر مجبور ہو گیا۔ پاک فضائیہ نے انتہائی جوانمردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بھارت کے ان ٹھکانوں کو نشانہ بنا کر تباہ کیا جہاں پاکستان میں دہشت گردی کروانے کی پلاننگ تیار کی جاتی تھی۔ اسکے علاوہ پاک فضائیہ نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے بھارت کے پانچ جنگی جہاز مار گرائے جن میں ان کے بہترین اور مہنگے ترین رافیل جنگی جہاز بھی شامل تھے یہ کامیابی پاک فضائیہ کی بہترین پیشہ ورانہ تربیت اور مہارت کا منہ بولتا ثبوت ہے جس پر ہم پوری قوم پاک فضائیہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ بندی کروانے پر ہم امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا خصوصی شکریہ بھی ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے جہاں جنگ بندی کے لئے کوششیں کیں اور دونوں ملکوں کے ساتھ بات چیت کرکے جنگ بندی کروائی اور اسی طرح امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پاکستان اور بھارت کے درمیان دیرینہ حل طلب مسئلہ کشمیر کے حل پر بھی زور دیا ہے۔ لہٰذا اب جبکہ امریکہ نے پاکستان اور بھارت کو مذاکرات کی میز پر بیٹھنے کہہ دیا ہے تو کشمیریوں کو بھی مذاکرات کی میز پر بٹھایا جائے اور یہ مذاکرات سہ فریقی ہونے چاہئیں کیونکہ پاکستان اور بھارت کے درمیان اصل اور اہم مسئلہ، مسئلہ کشمیر ہے اور اس مسئلے کے پائیدار اور موثر حل کے لئے ضروری ہے کہ پاکستان اور بھارت دونوں ممالک کے ساتھ ساتھ کشمیری بھی مذاکرات میں موجود ہوں اور یہ مسئلہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے حل ہو اور جنوبی ایشیاء میں مستقل امن قائم ہو سکے۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان مسئلہ کشمیر ایک فلیش پوائنٹ ہے پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ کی اصل وجہ مسئلہ کشمیر ہے۔ کشمیری عوام ہندوستان کے ظالمانہ و جابرانہ قبضہ سے آزادی چاہتے ہیں لیکن بھارت طاقت کے ذریعے کشمیری عوام کی آزادی کی تحریک کو دبانا چاہتا ہے اور بین الاقوامی برادری کو یہ تاثر دینا چاہتا ہے کہ مقبوضہ کشمیر میں سب معمول کے مطابق ہے لیکن بھارت گزشتہ سات دہائیوں سے دنیا کے سامنے اپنے آپ کو معصوم ظاہر کرتا آرہا ہے اور دوسری طرف مقبوضہ کشمیر کے اندر مظلوم کشمیریوں پر ظلم و جبر کر رہا ہے۔ لہٰذا عالمی دنیا بالخصوص امریکہ کو مسئلہ کشمیر کی حساسیت اور بھارت کے مکروہ چہرے کو بھانپتے ہوئے مسئلہ کشمیر کے پائیدار حل کی راہ ہموار کرنا ہوگی تب ہی اس خطے میں امن کا قیام ممکن ہو سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے پاکستان اور بھارت کے درمیان موجودہ جنگی سیز فائر کے موقع پر اپنے ایک خصوصی بیان میں کیا

بقیہ 40

ہے کہ خواتین کا معاشرے کو پروان چڑھانے میں اہم کردار ہے اور خواتین کو معاشرے میں بااختیار بنانے کے لئے ہر شعبے میں آگے بڑھنا ہوگا لیکن اس کے لئے ضروری ہے کہ خواتین کو ایسا ماحول فراہم کیا جائے جس میں وہ بلاخوف ملکی ترقی میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔ آزاد کشمیر میں خواتین کا لٹریسی ریٹ مردوں کے مقابلے میں پاکستان کے کسی بھی صوبے سے زیادہ ہے۔ لہٰذا آزاد کشمیر میں بھی خواتین کو کاروبار اور دیگر شعبہ جات میں کام کے لئے مواقع فراہم کیے جائیں تاکہ خواتین بھی ملکی ترقی میں اپنا کردار بااحسن خوبی سرانجام دے سکیں۔ ان خیالات کا اظہار صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے راولپنڈی خواتین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد سے ایوان صدر کشمیر ہاؤس اسلام آباد میں ایک تفصیلی ملاقات میں کیا۔ اس موقع پر راولپنڈی خواتین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد میں چیئرپرسن SAARC ثناء منصب خان، صدر راولپنڈی خواتین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری محترمہ قرۃ العین، سینئر نائب صدر راولپنڈی خواتین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ثوبیہ جبین، نائب صدر راولپنڈی خواتین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری روبینہ ظفر، ذوالفقار بٹ، عنبرین زمان، فلک انجم، ثوبی حسین، نجمی شاہ رخ، نورین طارق، زبیدہ اصغر، صائمہ تبسم، شائستہ کوثر، شازیہ ندیم، فوزیہ نعمان، صنم، قرۃ العین تبسم، نگار انساء، راحت جبین، مصباح اعجاز اور دیگر شامل تھے

بقیہ 41

کے مطابق بھارتی شہری کو بغیر پرمٹ ایبٹ پس میں 4 رہائشیوں کو لے جانے کی کوشش میں گرفتار کیا گیا۔ سیکیورٹی فورسز کا کہنا ہے کہ ایک مصری شہری کو بھی سوشل میڈیا پر جعلی حج پرمٹ کا اشتہار جاری کرنے پر گرفتار کیا گیا۔

بقیہ 42

آج (سوموار) کو الیکشنز ایکٹ 2017 میں اوور سیز پاکستانیوں کو ووٹ کا حق دینے کے معاملہ پر ہونے والی ترمیم کے خلاف دائر درخواستوں پر سماعت کرے گا۔ سپریم کورٹ کے سینئر جج جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں جسٹس جمال خان مندوخیل، جسٹس شاہد بلال حسن، جسٹس نعیم اختر افغان اور جسٹس علی باقر نجفی پر مشتمل پانچ رکنی آئینی بنچ آج (سوموار) کو صبح ساڑھے 9 بجے کیس کی سماعت کرے گا۔ بنچ پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین اور سابق وزیر اعظم عمران خان، عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید احمد، اسلام آباد ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن، داؤد غزنوی اور دیگر کی جانب سے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو ووٹ کا حق دینے کے معاملہ پر الیکشنز ایکٹ 2017 کے سیکشن 94 میں تبدیلی کے خلاف دائر 4 درخواستوں پر سماعت کرے گا جبکہ جسٹس امین الدین خان، جسٹس جمال خان مندوخیل، جسٹس محمد علی مظہر، جسٹس سید حسن اظہر رضوی اور جسٹس شاہد بلال حسن پر مشتمل 5 رکنی آئینی بنچ خیبر پختونخوا و فاٹا کے آپریشن ضرب عضب کے متاثرین کی بحالی کے لئے 4 فیصد سرچارج ٹیکس کے نفاذ کے خلاف دائر درخواستوں پر منگل کے روز صبح ساڑھے 9 بجے سماعت کرے گا۔ ایف بی آر کے وکیل میاں رضا ربانی اپنے دلائل جاری رکھیں گے۔ جبکہ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں جسٹس جمال خان مندوخیل، جسٹس محمد علی مظہر، جسٹس سید حسن اظہر رضوی، جسٹس مسرت ہلالی، جسٹس نعیم اختر افغان، جسٹس شاہد بلال حسن، جسٹس محمد ہاشم خان کاکڑ، جسٹس صلاح الدین پنہور، جسٹس عامر فاروق اور جسٹس علی باقر نجفی پر مشتمل 11 رکنی آئینی بنچ پاکستان تحریک انصاف کو خواتین اور اقلیتوں کی مخصوص نشستیں دینے کے فیصلے کے خلاف پاکستان مسلم لیگ (ن)، پاکستان پیپلز پارٹی اور الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے دائر نظرثانی درخواستوں پر منگل کے روز دن ساڑھے 11 بجے سماعت کرے گا

بقیہ 43

کے مابین سیز فائر اور فلائٹ شیڈول بہتر ہونے کے باوجود اتوار کو ملک بھر کی 150 پروازیں منسوخ کر دی گئی ہیں۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق اتوار کو کراچی ائیر پورٹ کی 45، لاہور کی 38، اسلام آباد کی 40، ملتان کی 10، پشاور کی 11 اور سیالکوٹ کی 6 پروازیں آپریشنل وجوہات کی بنا پر منسوخ کر دی گئیں۔ منسوخ کی گئی پروازوں میں 138 بین الاقوامی ہیں جبکہ درجنوں پروازیں غیر یقینی صورتحال کا شکار ہیں۔

بقیہ 44

کوئی خاص دیتی ہے جبکہ دوسری جانب بھارت کے ناقابل اعتبار ذرائع ابلاغ میں سے ایک نانسٹر ناؤ نے دعوی

کیا ہے کہ مقبوضہ جموں کے ایک علاقے نگروٹا میں پاک بھارت جنگ بندی سے ناخوش بھارتی ڈیپ اسٹیٹ کے لوگوں نے بھارتی فوج پر حملہ کر دیا۔ نامہ نگار کا کہنا تھا کہ پاکستانی فوج کی وردیوں میں ملبوس افراد نے بھارتی فوجیوں پر فائرنگ کی جس سے ایک اہلکار زخمی ہو گیا۔ یہ واقعہ پاک بھارت جنگ بندی کے اعلان کے کچھ گھنٹے بعد ہفتہ اور اتوار کی درمیانی شب پیش آیا۔ نامہ نگار کا کہنا تھا کہ بھارت کی ڈیپ سٹیٹ میں کچھ لوگ جنگ بندی سے ناخوش ہیں اور وہ اس کو سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں۔ تاہم اس واقعے کے حوالے سے بھارتی سوشل میڈیا کے دیگر آزاد ذرائع کا کہنا ہے کہ نگروٹا ملٹری سٹیشن کے باہر بھارتی اہلکاروں نے مشکوک حرکت دیکھی اور اس پر فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس میں ایک سنتری زخمی ہو گیا۔

بقیہ 45

رب العزت کے حضور سجدہ شکر بجا لایا گیا، شہداء و غازیوں کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں اور دشمن پر لرزہ طاری کرنے والی بہادر افواج پاکستان کی بے مثال بہادری کو خراج تحسین پیش کرنے کے ساتھ ساتھ اور پوری قوم کے حوصلے اور وحدت کو سراہا گیا۔ وزیراعظم آفس سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ آپریشن "بنیان مرصوص" نے دشمن کی جارحیت کا موثر اور بھرپور جواب دیا اور پاکستان نے ہر محاذ پر برتری ثابت کی، ہم اس کامیابی پر اللہ تعالیٰ کے شکر گزار ہیں، جس نے ہمیں سرخرو فرمایا۔ یہ دن افواج پاکستان کی بہادری کو خراج تحسین پیش کرنے کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ دشمن کی جارحیت کے باوجود پاکستان نے صبر و تحمل لیکن مکمل تیاری کے ساتھ اپنے دفاع کو یقینی بنایا، افواج پاکستان کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا، قوم ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ یاد رہے کہ 10 مئی کو علی الصبح پاکستان نے بھارتی جارحیت کے جواب میں آپریشن بنیان مرصوص (آہنی دیوار) کا آغاز کیا تھا اور بھارت میں ادھم پور، پٹھان کوٹ، آدم پور ایئر بیسز اور کئی ایئر فیلڈز سمیت براہموس اسٹوریج سائٹ اور میزائل دفاعی نظام ایس 400 کے علاوہ متعدد اہداف کو تباہ کر دیا تھا۔ سکیورٹی ذرائع نے بتایا تھا کہ پاکستان کے عوام اور مساجد کو جن ایئر بیسز سے ٹارگٹ کیا گیا تھا، ان اہداف کو نشانہ بنایا گیا ہے

بقیہ 46

حیران کن ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے بھارتی حملوں کے دوران چینی ساختہ اینٹی ایئر کرافٹ ڈیفنس سسٹم استعمال کیا۔ مائیکل کلارک کے مطابق میرے خیال سے بھارت کو پاکستان کی تکنیکی صلاحیتوں پر حیرت ہوئی ہوگی۔ اس سے قبل امریکی صحافی نک رابرٹسن نے پاکستان اور بھارت کے درمیان سیز فائر کی تفصیلات سے پردہ اٹھا دیا اور سنسنی خیز انکشافات کیے۔ امریکی نشریاتی ادارے سی این این کے انٹرنیشنل ڈپلومیٹک ایڈیٹر نک رابرٹسن نے انٹرویو میں بتایا کہ کئی دنوں سے پوری دنیا بھارت اور پاکستان کے درمیان سیز فائر کی کوشش کر رہی تھی مگر کامیاب نہیں ہوئی، پھر بھارت نے پاکستان کی ایئر بیسز پر حملہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ بھارتی حملے کے بعد پاکستان نے بھارت پر زبردست والے میزائلوں کی بارش کر دی، پاکستانی میزائل حملوں کے بعد بھارت مذاکرات کی میز پر آنے پر مجبور ہوا اور پاکستان کے میزائل حملوں نے بھارت کو پیچھے ہٹنے پر مجبور کر دیا۔ دوسری جانب بی بی سی جنوبی ایشیا کے چیف ایڈیٹر انبراسن اتھیراجن نے کہا کہ بھارت کو بہت مایوسی ہوئی ہے

بقیہ 47

ترسیل کا سلسلہ بلا تاخیر بحال کرے، غزہ کے لاکھوں شہری اس وقت بدترین قحط اور بھوک کے خطرے سے دوچار ہیں، جس کا سبب اسرائیل کا مسلط کردہ ظالمانہ محاصرہ ہے۔ اپنے ایک مشترکہ بیان میں ان رہنماؤں نے اسرائیلی حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ اقوام متحدہ اور بین الاقوامی انسانی تنظیموں کے ساتھ فوری تعاون کرے، تاکہ غزہ کے عوام کے لیے زندگی بچانے والی امدادی اشیا کی فراہمی کو بلا رکاوٹ ممکن بنایا جاسکے۔ بیان میں کہا گیا کہ بین الاقوامی برادری کو چاہیے کہ وہ فوری اور موثر اقدامات کرے تاکہ غزہ کی تباہ کن انسانی بحران میں کمی لائی جاسکے، جو کہ اسرائیلی محاصرے کی وجہ سے پیدا ہوا ہے۔ اس محاصرے نے نہ صرف غذائی اشیا بلکہ طبی سہولیات کی رسائی کو بھی محدود کر دیا ہے، جس کی وجہ سے لاکھوں فلسطینی شہری غیر انسانی حالات میں زندگی گزارنے پر مجبور ہو چکے ہیں۔ بیان پر دستخط کرنے والے رہنماؤں نے انسانی امداد کو سیاسی یا عسکری مقاصد کے لیے استعمال کرنے کی سخت مذمت کی ہے

بقیہ 48

بائیکنگ چیمپئن شپ کی تقریب میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عالمی بائیکنگ چیمپئن شپ کا کامیاب انعقاد بلوچستان اور پاکستان کے لیے ایک خوش آئند اور مثبت قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس ایونٹ کے ذریعے دنیا کو امن، استحکام اور پاکستان کی مثبت تصویر کا پیغام گیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ دشمن نے شاید پاکستان کی صلاحیت اور قوت کا غلط اندازہ لگایا تھا، لیکن اب اسے بخوبی اندازہ ہو چکا ہے کہ یہ قوم اپنے دفاع کے لیے کس حد تک جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کبھی جنگ نہیں چاہتا تھا، لیکن جب بھی جنگ مسلط کرنے کی کوشش کی گئی، دشمن کو منہ توڑ جواب ملا ہے۔ سرفراز بگٹی نے پاک افواج، آرمی چیف، نیول چیف اور سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے عوام مادر وطن کے ان محافظوں کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے ایک بار پھر ثابت کیا کہ وہ ہر لمحہ ملک کے دفاع کے لیے تیار ہیں

بقیہ 49

خطے میں پائیدار امن ممکن نہیں۔ جنگ بلاشبہ تباہی لاتی ہے، لیکن جو قومیں اپنی سلامتی اور خودمختاری کو مقدم نہیں رکھتیں، ان کے لیے امن اور عزت کی زندگی ممکن نہیں ہوتی۔ پاکستان ایک بہادر، غیرت مند اور متحد قوم ہے جو اپنی سرزمین، نظریے اور وقار کے لیے ہر قربانی دینے کو تیار ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مسلم کانفرنس وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ گزشتہ چار دنوں کی جنگ نے بھارت کو ہمارے حوصلوں کا بخوبی اندازہ لگا سکتا ہے۔ پاکستانی قوم اور افواج ہر وقت جنگ کے لیے تیار کھڑی ہیں۔ ہم نے ہر محاذ پر دشمن کو واضح پیغام دیا ہے کہ ہمیں دبایا یا جھکایا نہیں جاسکتا

بقیہ 50

جو اسلامی قانون کے بارے میں ان کے تنگ نظری کی عکاسی کرتے ہیں۔ اس میں عوامی مقامات، براہ راست پرفارمنس سے لے کر اجتماعات، ریستورانوں، کاروں یا ریڈیو اور ٹی وی پر موسیقی بجانا شامل ہے۔ صوبائی پولیس نے ایک بیان میں کہا کہ جمعرات کی رات شمالی صوبہ تخار کے دارالحکومت میں 14 افراد رات کے وقت کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ایک رہائشی گھر میں جمع ہوئے جہاں وہ آلات موسیقی بجا رہے تھے اور گانے گا رہے تھے، جس سے عوام کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ موسیقی کو اخلاقی بدعنوانی اور عوام میں پریشانی کا سبب قرار دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ حراست میں لیے گئے افراد سے تحقیقات جاری ہیں۔ طالبان حکام نے برسر اقتدار آنے کے بعد میوزک اسکولوں کو بند کر دیا اور موسیقی کے آلات اور ساؤنڈ سسٹم کو توڑ دیا یا جلا دیا۔ شادی ہالوں کو موسیقی بجانے کی اجازت نہیں ہے، جبکہ خواتین کے علیحدہ حصے میں خفیہ طور پر موسیقی بجانے کی اجازت ہے، کئی افغان موسیقار طالبان کے برسر اقتدار آنے کے بعد خوف کے باعث بار روزگار کی تلاش میں دنیا کے پسماندہ ترین ممالک میں سے ایک افغانستان کو چھوڑنے پر مجبور ہو گئے۔ طالبان حکام اپنی صلاحیتوں کو اسلامی شاعری اور بغیر موسیقی کے ترانوں میں استعمال کرنے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں، موسیقی کی یہ واحد شکل ہے جس کی 1996 سے 2001 کے دوران طالبان کے سابق دور میں اجازت تھی۔

بقیہ 51

ہے کہ یہ گرفتاریاں یکم مئی سے 7 مئی 2025 کے درمیان ہوئی ہیں جن میں سے 10179 اقامہ قوانین کی خلاف ورزی، 3912 گرفتار شدگان سرحدی قوانین کی خلاف ورزی جبکہ 1837 تارکین لیبر قوانین کی خلاف ورزی میں ملوث تھے۔ ترجمان نے کہا کہ مذکورہ عرصے کے دوران 1248 افراد گرفتار ہوئے ہیں جو سرحد عبور کرکے ملک میں غیر قانونی طور پر داخل ہونے کی کوشش کر رہے تھے جن میں سے 35 فیصد یمنی، 63 فیصد ایتھوپی جبکہ دو فیصد دیگر ممالک کے تارکین تھے۔ کمیٹی نے کہا ہے کہ غیر قانونی تارکین کو سہولت فراہم کرنے پر 26 افراد گرفتار کیے گئے ہیں۔

بقیہ 52

سے 21 افراد ہلاک اور 30 زخمی ہو گئے۔ غیر ملکی خبر رساں کے مطابق کولمبو کے پہاڑی علاقے میں زائرین سے بھری بس بے قابو ہو کر کھائی میں گر گئی، 70 کے قریب مسافر سوار تھے۔ سری لنکا کی پولیس نے کہا ہے کہ بس کے حادثے کی وجوہات جاننے کی کوشش کر رہے ہیں۔

بقیہ 53

کرتارپور راہداری بند ہے۔ پاکستان کی جانب سے کرتارپور راہداری کھلی ہوئی ہے۔ انتظامیہ نے کہا کہ کرتارپور میں مقامی اور بیرون ملک سے یاتریوں کی آمد جاری ہے، گردوارہ دربار صاحب پوری طرح کھلا ہے۔ واضح رہے کہ بھارتی جارحیت کے بعد شکرگڑھ میں واقع کرتارپور راہداری کو بند کر دیا گیا تھا۔

بقیہ 54

اس نوجوان کی عمر تقریباً 28 سے 29 سال کے لگ بھگ ہے جو اپنے آپ کو مجذوب ظاہر کر رہا ہے تاہم اس حوالے سے پولیس ابھی تفتیش جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ 55

کی جانب سے مشکوک اشیاء/ممکنہ بموں، ان پھٹے بموں (UXBs) کی موجودگی کی رپورٹ ہونے کے علاوہ اگلے دنوں میں بڑی تعداد میں متذکرہ بالا خطرناک اشیاء کی موجودگی کے واضح امکانات ہیں۔ جس سے شہری آبادی کو جانی و مالی نقصانات کا اندیشہ ہے۔ علاوہ ازیں تعلیمی ادارہ جات میں تعلیمی سرگرمیوں کے بحال ہونے سے قبل آزاد کشمیر کے جملہ تعلیمی ادارہ جات کو اس نوعیت کے خطرات سے بچانے کے لیے ان کی مکمل سرچ اینڈ سویپ کروائے جانے کی اشد ضرورت ہے۔ اس حوالہ سے محکمہ شہری دفاع کے جملہ ضلعی آفیسران کو سرچ اینڈ سویپ کرنے کے احکامات جاری کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 56

بھارت نے سن لنگ ڈیم سے معمول سے کافی زیادہ پانی چھوڑا ہے سردار حمید کی طرف سے عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ نہ صرف دریا کنارے سے دور رہیں بلکہ اپنے بچوں کو بھی دریا کے کنارے نہ جانے دیں

بقیہ 57

کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ بھارت کی شکست سے مسئلہ کشمیر بین الاقوامی سطح پر اجاگر ہو گیا ہے۔ ہماری افواج نے دانشمندی سے دشمن پر ہیبت طاری کی ہے۔ جہاں آپریشن "بنیان مرصوص" اور ہمارے شاہینوں کی کامیابی کو پوری دنیا نے تسلیم کیا ہے وہیں پر بھارت کی جانب سے پہلگام فالس فلیگ آپریشن کی قلعی بھی کھل گئی ہے۔ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کیلئے مسئلہ کشمیر کا حل ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار وزیر اطلاعات آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر مولانا پیر محمد مظہر سعید شاہ نے اپنی کمشنر کانفرنس ہال میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر راجہ محمد جاوید اور ایس پی خواجہ محمد صدیق بھی موجود تھے۔ پیر مظہر سعید شاہ نے کہا کہ ہمارے شہداء، ہمارا فخر ہیں ان کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کریں گے۔ بھارت کے ساتھ جنگ کے دوران پوری قوم کا جذبہ جہاد دیدنی تھا اور ملک و ملت کی سلامتی کیلئے پاک فوج کے پیچھے قوم سیسہ پلائی دیوار کی مانند کھڑی رہی۔ صحافیوں نے بھی بہترین انداز میں اپنا حصہ ڈالا جس پر ان کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ صحافی مسئلہ کشمیر کو بین الاقوامی سطح پر اجاگر کرنے اور بھارت کے مظالم کو پوری دنیا پر اجاگر کریں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے مساجد، معصوم بچوں اور خواتین کو نشانہ بنایا جبکہ پاک فوج نے ان کی دفاعی تنصیبات پر کاری ضرب لگائی ہے۔ ہمارے شاہینوں نے معصوم شہیدوں کا بدلہ لیا ہے جس پر ہم سب کو فخر ہے۔

بقیہ 58

[illegible]، سیکرٹری ایجوکیشن نے کہا کہ منسٹر ایجوکیشن اور دیگر ذمہ داران سے میٹنگ کے بعد یہ فیصلہ ہوا ہے کہ کل مورخہ 12 مئی بروز سوموار کو بھی پورے آزاد کشمیر میں تعلیمی ادارے بدستور بند رہیں گے اور کل 12 مئی کو دوبارہ میٹنگ کے بعد حالات کو مدنظر رکھ کر فیصلہ کیا جائے گا قوی امید ہے کہ 13 مئی بروز منگل سے تعلیمی ادارے کھول دیے جائیں گے

بقیہ 59

قیمتوں میں استحکام رہا ہے۔ عالمی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت بغیر کسی تبدیلی کے 3 ہزار 325 ڈالر کی سطح پر مستحکم رہنے کے باعث مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی ہفتے کو 24 قیراط کے حامل فی تولہ سونے کی قیمت بھی بغیر کسی تبدیلی کے 3 لاکھ 50 ہزار 900 روپے کی سطح پر مستحکم رہی۔ فی دس گرام سونے کی قیمت بھی بغیر کسی تبدیلی کے 3 لاکھ 840 روپے کی سطح پر مستحکم رہی۔ اسی طرح فی تولہ چاندی کی قیمت بغیر کسی تبدیلی کے 3 ہزار 417 روپے اور دس گرام چاندی کی قیمت بھی بغیر کسی تبدیلی کے 2 ہزار 929 روپے کی سطح پر مستحکم رہی۔ دوسری جانب سعودی عرب کی گولڈ مارکیٹ میں سونے کے نرخوں میں معمولی اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ سعودی گولڈ مارکیٹ میں گزشتہ روز سونے کے نرخوں میں معمولی اضافہ ریکارڈ کیا گیا، 24 قیراط ایک گرام سونے کی قیمت 400.96 ریال، 22 قیراط ایک گرام 367.54 اور 18 قیراط 300.72 ریال رہی، 21 قیراط ایک گرام سونے کے نرخ 350.76 ریال ریکارڈ کیے گئے تھے۔

بقیہ 60

پوری صورت حال میں امریکا فتح یاب رہا ہے، یہ مثبت ہے کہ امریکا مستقبل میں بھی انگیج رہے گا۔ ڈاکٹر ملیحہ لودھی نے کہا کہ جنگ بندی تب ہوتی ہے جب دونوں فریق رضامند ہوں، تاریخ بتاتی ہے کہ سیز فائر مکمل طور پر نہیں ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کا خیال تھا کہ پاکستان کی معیشت کی طرح دفاع بھی کمزور ہوگا، جو کچھ ہوا ہے اس میں مودی کو سیاسی نقصان پہنچا۔

بقیہ 61

رانا سکندر حیات نے اس حوالے سے کہا ہے کہ تمام تعلیمی اداروں میں تعلیمی سرگرمیاں معمول کے مطابق ہوں گی۔ واضح رہے کہ بھارت کی جانب سے کشیدہ حالات کے باعث تمام سرکاری اور نجی تعلیمی ادارے 9 اور 10 مئی کو بند رکھنے کا اعلان کیا

بقیہ 62

رپورٹس کے مطابق اسرائیل نے دیر البلاح میں پناہ گزین کیمپ پر حملہ کر دیا جس کے باعث 4 فلسطینی شہید اور متعدد زخمی ہوگئے، جنگ میں شہداء کی مجموعی تعداد 52 ہزار 810 ہوگئی۔ غزہ میں ناکہ بندی کی وجہ سے ادویات کا بحران شدت اختیار کر گیا، کینسر اور شوگر کے مریض دم توڑنے لگے۔

بقیہ 63

مطابق پاک فوج کے بہادر جوانوں نے ان بھارتی چوکیوں کو نشانہ بنایا جو مسلسل سول آبادی پر فائرنگ میں مصروف تھیں اور ان کے پرخچے اڑا دیے جبکہ دوسری جانب بھارتی میڈیا پاکستان پر سیز فائر کی خلاف ورزی کا الزامات عائد کرتا رہا کہ سیز فائر کی خلاف ورزی پاکستان کی جانب سے کی جا رہی ہے جسے ایل او سی کے دونوں اطراف رہائش پذیر لوگوں نے سختی سے مسترد کرتے ہوئے کہا کہ چونکہ بھارتی میڈیا جھوٹ کا پلندہ ہے اور حسب سابق وہ اپنی عوام کو جھوٹ بول کر گمراہ کرنے میں مصروف عمل ہے اس لئے اس کی کسی بھی بات کا یقین نہ کیا جائے۔

بقیہ 64

بھارت کی طاقت کا غرور خاک میں مل گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی ساکھ پر سوالیہ نشان آچکا ہے، ہم جنگ کا مستقل بڑھانا نہیں چاہتے تھے لیکن ہم نے جنگ کو بریک لگانے والی آپشن سامنے رکھی، بات چیت چلے گی تو اس سے راستے نکلیں گے۔ وزیر دفاع نے مزید کہا کہ پاکستان اور بھارت کی بات چیت میں سندھ طاس معاہدہ، کشمیر اور دہشت گردی کا مسئلہ زیر غور آئے گا۔ دریں اثناء ایکس پر اپنی پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ 27 سال قبل جب ایٹمی دھماکوں کے لئے فیصلے کی گھڑی آئی تو وزیر اعظم نواز شریف کو اللہ نے ہمت اور طاقت عطا کی، ہم ایٹمی قوت بنے۔ آج پھر فیصلے کی گھڑی آئی تو وزیر اعظم شہباز شریف کو اللہ نے یہ سعادت بخشی پاکستان نے حملہ کیا اور ہم سرخرو ہوئے۔ پاک افواج زندہ باد، پاکستان پائندہ باد

بقیہ 65

اور اعداد و شمار پر بریفنگ دی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر اطلاعات سید آصف حسین نقوی اور محمد بلال سراج شیخ بھی موجود تھے۔ ڈائریکٹر جنرل سٹیٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی سردار وحید خان نے کنٹرول روم کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ لائن آف کنٹرول کی لمحہ بہ لمحہ صورتحال تمام ڈسٹرکٹ آفیسران اور انتظامیہ سے حاصل کی جائے تاکہ حکام بالا کو صورتحال کے بارہ میں اپ ڈیٹ کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ اطلاعات کے فوکل پرسن سید آصف حسین نقوی اعداد و شمار کے بارہ میں میڈیا نمائندگان کو مطلوبہ معلومات فراہم کریں تاکہ عوام کو درست معلومات کے ذریعے صورتحال سے آگاہ رکھا جاسکے اور فیک نیوز و غلط معلومات نہ پھیلنے پائیں۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر اشتہارات سید آصف حسین نقوی نے کہا کہ موجودہ صورتحال میں میڈیا کا کردار نہایت اہم ہے۔ محکمہ اطلاعات سوشل میڈیا کے ذریعے عوام کو درست معلومات کی لمحہ بہ لمحہ فراہمی یقینی بنا رہا ہے۔

بقیہ 66

ضمانت قبل از گرفتاری زیر مسل نمبری 2025/78 مسترد کرکے ملزم گرفتاری کے خوف سے احاطہ عدالت سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا تفصیلات کے مطابق مستغیث مقدمہ شبیر احمد ولد عبد علی قوم میر ساکنہ رشید آباد کو نیب قریشی سمیت 10 نامعلوم افراد نے مسلح حملہ کرکے جان سے مارنے کی کوشش کی اور ایک لاکھ روپے بھی چوری کر لیے جس پر مستغیث شدید زخمی ہوا اور عرصہ دراز سے مستغیث کے زیر قبضہ اراضی ہتھیانے کے درپے ہیں مستغیث کی تحریری درخواست پر تھانہ پولیس سول سیکرٹریٹ مظفرآباد نے نیب قریشی اور دیگر افراد کے خلاف مقدمہ درج کیا تھا۔ ملزم نیب قریشی نے ضمانت قبل از گرفتاری حاصل کر رکھی تھی سیشن فوجداری عدالت مظفرآباد سے ملزم کی درخواست ضمانت مسترد ہوتے ہی ملزم احاطہ عدالت سے فرار ہوگیا۔ مستغیث مقدمہ کی جانب سے ماہر قانون دان ذوالفقار حسین سلہریا ایڈووکیٹ ہائی کورٹ نے مقدمہ کی پیروی کی۔ پولیس اس نوعیت کے سنگین اور وارداتی ملزمان کو گرفتار کرنے میں تاحال ناکام نظر آرہی ہے

بقیہ 67

استوار کرے، معاشی اور فوجی مضبوطی کو یقینی بنائے، اور داخلی یکجہتی کو فروغ دے۔ ایک جامع قومی بیانیہ تشکیل دینا، نظریاتی تقسیم اور انفارمیشن کے چیلنجز کا مقابلہ کرنا بھی اہم ہیں۔ ان خیالات کا اظہار وفاقی و بین الاقوامی امور کے ماہرین نے (انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز) آئی پی ایس میں منعقدہ سیمینار سے خطاب میں کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر انیلا شہزاد کی تصنیف "جیو پولیٹکس: کثیر الجہتی دنیا میں فریم ورکس اور ڈائنامکس" کی تقریب رونمائی بھی ہوئی۔ یہ کتاب اقوام کے درمیان متوازن تعلقات کو فروغ دینے کے چیلنجز اور مواقع پر روشنی ڈالتی ہے۔ تقریب میں امریکہ میں پاکستان کے سابق سفیر، سابق صدر آزاد کشمیر سردار مسعود خان نے کلیدی خطاب کیا، جبکہ دیگر مقررین میں سابق سفیر نغمانہ ہاشمی، یونیورسٹی آف واہ کے سوشل سائنسز کے سابق ڈین ڈاکٹر نذیر حسین، نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی کے ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر خرم اقبال، بحریہ یونیورسٹی کے ہیومینٹیز اینڈ سوشل سائنسز کے ڈین ڈاکٹر آدم سعود، دفاعی ماہر بریگیڈیئر (ر) سید نذیر، آئی پی ایس ایسوسی ایٹ ڈاکٹر ظفر الیاسین، چیئرمین آئی پی ایس خالد رحمن، وائس چیئرمین آئی پی ایس اور سابق سفیر سید ابرار حسین اور انیلا شہزاد شامل تھے۔ امریکہ میں پاکستان کے سابق سفیر مسعود خان نے کہا کہ پاکستان تاریخی طور پر امریکہ پر سلامتی کے لیے انحصار کرتا رہا ہے، لیکن اب چین کے ساتھ اسٹرٹیجک تعلقات بڑھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو امریکہ کے ساتھ مناسب تعلقات استوار کرنے کی ضرورت ہے، کیونکہ بغیر اس کے حقیقی توازن ممکن نہیں۔ انہوں نے بھارت کے ساتھ تنازع کو تہذیبی تصادم قرار دیا، جس کی جڑیں بی جے پی اور آر ایس ایس کے نظریات میں ہیں، اور پاکستان کو اپنی فوجی و معاشی صلاحیتوں کو مضبوط کرنے اور قومی یکجہتی کو فروغ دینے پر زور دیا۔ سابق سفیر نغمانہ ہاشمی نے چین کے ساتھ مضبوط اور مخلصانہ تعلقات کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ امریکہ کے ساتھ بھی کثیر الجہتی تعلقات ضروری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چین کے ساتھ گہرے تعلقات پر دباؤ بڑھے گا، اس لیے ان تعلقات کو احتیاط سے سنبھالنا ہوگا۔ ڈاکٹر خرم اقبال نے کہا کہ پاکستان کو اپنی خارجہ پالیسی کو کثیر الجہتی حقیقت کے مطابق ڈھالنا ہوگا۔ عالمی سطح پر نئے اتحاد بن رہے ہیں، جنہیں پاکستان کو نظرانداز نہیں کرنا چاہیے۔

بقیہ 68

ہے کہ خواتین کا معاشرے کو پروان چڑھانے میں اہم کردار ہے اور خواتین کو معاشرے میں بااختیار بنانے کے لئے ہر شعبے میں آگے بڑھنا ہوگا لیکن اس کے لئے ضروری ہے کہ خواتین کو ایسا ماحول فراہم کیا جائے جس میں وہ بلاخوف ملکی ترقی میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔ آزاد کشمیر میں خواتین کا لٹریسی ریٹ مردوں کے مقابلے میں پاکستان کے کسی بھی صوبے سے زیادہ ہے۔ لہٰذا آزاد کشمیر میں بھی خواتین کو کاروبار اور دیگر شعبہ جات میں کام کے لئے مواقع فراہم کیے جائیں تاکہ خواتین بھی ملکی ترقی میں اپنا کردار بااحسن خوبی سرانجام دے سکیں۔ ان خیالات کا اظہار صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے راولپنڈی خواتین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد سے ایوان صدر کشمیر ہاؤس اسلام آباد میں ایک تفصیلی ملاقات میں کیا۔ اس موقع پر راولپنڈی خواتین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد میں چیئرپرسن SAARC ثناء منصب خان، صدر راولپنڈی خواتین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری محترمہ قرۃ العین، سینئر نائب صدر راولپنڈی خواتین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ثوبیہ جبین، نائب صدر راولپنڈی خواتین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری روبینہ ظفر، ذوالفقار بٹ، عنبرین زمان، فلک انجم، ثوبی حسین، نجمی شاہ رخ، نورین طارق، زبیدہ اصغر، صائمہ تبسم، شائستہ کوثر، شازیہ ندیم، فوزیہ نعمان، صنم، قرۃ العین تبسم، نگار انساء، راحت جبین، مصباح اعجاز اور دیگر شامل تھے

بقیہ 69

طاس معاہدہ کی بحالی اور دیگر ان تمام معاملات کو بات چیت کے ذریعے حل کرنے کے پہلے دور کا آغاز ہوگا جو دونوں ممالک کے درمیان کچھ دنوں سے کشیدگی کا باعث بنتے چلے آرہے ہیں۔ واضح رہے کہ بھارت کی جانب سے مقبوضہ کشمیر کے سیاحتی مقام پہلگام میں ہونے والے مبینہ حملے کا الزام پاکستان پر عائد کرتے ہوئے سندھ طاس معاہدہ معطل، واہگہ اٹاری بارڈر بند، سارک ویزہ کے تحت بھارت میں موجود تمام پاکستانیوں کو 48 گھنٹے میں ملک چھوڑنے کا حکم، تمام پاکستانیوں کے ویزے منسوخ، نیوی اور ائیر فورس کے پاکستانی فوجی اتاشی ناپسندیدہ شخصیات قرار، بھارت نے پاکستان دفاعی اتاشیوں کو 7 روز میں ملک چھوڑنے کا حکم، پاکستان سے اپنے تینوں بری، بحری اور فضائی دفاعی اتاشی واپس بلانے کا اعلان، اسلام آباد میں ہائی کمیشنز میں عملہ 55 سے کم کرکے 30 کرنے سمیت دیگر اقدامات اٹھانے کا اعلان کیا تھا جبکہ پاکستان نے بھی اس کے جواب میں انتہائی اہم نوعیت کے اقدامات اٹھائے تھے جس کے بعد دونوں ملکوں کے مابین صورتحال کشیدگی اختیار کرتی چلی گئی اور وقفے وقفے سے بھارت کی جانب سے فضائی حدود کی خلاف ورزیاں، ایل او سی پر گولہ باری اور شہری آبادیوں کو نشانہ بنانے کے واقعات رپورٹ ہوئے جس پر پاکستان نے پہلے عالمی طاقتوں کو بھارتی جارحیت کے بارے میں آگاہ کیا اور ہفتہ کی صبح آپریشن بنیان المرصوص کا آغاز کیا اور بھارت کو انتہائی کرارا جواب دیا

بقیہ 70

ہے کہ یہ گرفتاریاں یکم مئی سے 7 مئی 2025 کے درمیان ہوئی ہیں جن میں سے 10179 اقامہ قوانین کی خلاف ورزی، 3912 گرفتار شدگان سرحدی قوانین کی خلاف ورزی جبکہ 1837 تارکین لیبر قوانین کی خلاف ورزی میں ملوث تھے۔ ترجمان نے کہا کہ مذکورہ عرصے کے دوران 1248 افراد گرفتار ہوئے ہیں جو سرحد عبور کرکے ملک میں غیر قانونی طور پر داخل ہونے کی کوشش کر رہے تھے جن میں سے 35 فیصد یمنی، 63 فیصد ایتھوپی جبکہ دو فیصد دیگر ممالک کے تارکین تھے۔ کمیٹی نے کہا ہے کہ غیر قانونی تارکین کو سہولت فراہم کرنے پر 26 افراد گرفتار کیے گئے ہیں۔

بقیہ 71

جو اسلامی قانون کے بارے میں ان کے تنگ نظری کی عکاسی کرتے ہیں۔ اس میں عوامی مقامات، براہ راست پرفارمنس سے لے کر اجتماعات، ریستورانوں، کاروں یا ریڈیو اور ٹی وی پر موسیقی بجانا شامل ہے۔ صوبائی پولیس نے ایک بیان میں کہا کہ جمعرات کی رات شمالی صوبہ تخار کے دارالحکومت میں 14 افراد رات کے وقت کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ایک رہائشی گھر میں جمع ہوئے جہاں وہ آلات موسیقی بجا رہے تھے اور گانے گا رہے تھے

Editorial

ادارتی صفحہ

روزنامہ
کشمیر دھرتی
www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com
Ph: 05824-445864 Fax: 05824-445865
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق ✱ ایڈیٹر: عمر خیام

بھارتی جارحیت کی تفصیلات

بھارتی جارحیت کے نتیجہ میں ایل اوسی اور دیگر ملحقہ علاقوں میں ہونے والی شہادتوں / نقصانات کی غیر حتمی طور پر تفصیلات جاری کردی گئی ہیں جن کے مطابق آزاد کشمیر بھر میں کل 31 شہید، 123 زخمی، 299 رہائشی گھروں سمیت 21 دکانات مکمل تباہ جبکہ 22 مال مویشی بھی ہلاک ہوئے ہیں۔ سٹیٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی میں قائم کنٹرول روم کے مطابق نیلم میں 2 شہید، 6 زخمی، 10 گھر مکمل جبکہ 37 جزوی تباہ اور 20 دکانات کو نقصان پہنچا ہے، مظفرآباد میں 3 شہید، 3 زخمی جبکہ 4 گھر مکمل اور 9 جزوی تباہ ہوئے ہیں جہلم ویلی میں 12 زخمی، 9 گھر مکمل جبکہ 67 کو جزوی نقصان پہنچا، باغ میں 1 شہید، 4 زخمی، 1 گھر جزوی تباہ ہوا، پونچھ میں 6 شہید، 27 زخمی 13 گھر مکمل جبکہ 118 جزوی طور تباہ ہوئے ہیں، سدھنوتی میں کسی نقصان کی اطلاع نہیں، اسی طرح حویلی میں 2 شہید، 18 زخمی، 2 گھروں کو جزوی طور پر نقصان پہنچا، کوٹلی میں 11 شہید، 31 زخمی، 1 گھر مکمل تباہ 23 کو جزوی طور پر نقصان پہنچا جبکہ 1 دکان تباہ اور 3 مویشی بھی ہلاک ہوئے ہیں۔ اسی طرح میرپور میں کوئی نقصان نہیں ہوا جبکہ بھمبر میں 6 شہید، 22 زخمی، 2 گھروں کو جزوی طور پر نقصان پہنچا جبکہ 11 مویشی ہلاک ہوئے،

فوکل پرسن کے مطابق یہ تفصیلات ابھی اپ ڈیٹ کی جارہی ہیں جس کے دوران آزاد کشمیر کے تمام اضلاع میں مختلف ڈپٹی کمشنرز کے دفاتر میں قائم کنٹرول روم کی معاونت سے ڈیٹا کا حصول جاری ہے۔ فوکل پرسن نے مزید بتایا کہ مختلف اضلاع میں اس حوالے سے ابھی کام جاری ہے اور ہونے والے نقصان کے اعداد وشمار اکٹھے کیئے جارہے ہیں جس کے دوران لوگوں سے بھی اپیل کی گئی ہیکہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں ہونے والے ان نقصانات کی تفصیلات ڈپٹی کمشنرز کے دفاتر میں قائم کنٹرول رومز تک پہنچائیں تاکہ انہیں جلد از جلد مکمل کیا جاسکے۔ بھارتی فورسز کی جانب سے نہتے لوگوں کو نشانہ بنانا، مساجد اور گھروں پر گولے داغنے کا عمل انتہائی افسوس ناک اور ایک بھیانک مرحلہ تھا جس پر ضرورت اس امر کی ہیکہ پاکستان اپنا یہ کیس بھی عالمی اداروں کے سامنے رکھے اور بھارتی جارحیت کے نتیجہ میں شہید، زخمی ہونے والوں سمیت تمام نقصانات کی تفصیل شیئر کرتے ہوئے بھارت کو ان جنگی عزائم کا ذمہ دار بھی ٹھہرائے اور مستقبل میں اس طرح کی بھونڈی شرانگیزیوں سے باز رکھنے کیلئے بھی اقدامات کرے تاکہ ہر بار کی طرح آئندہ بھارت ایسی غلطی کرنے سے قبل سو بار سوچے۔

پہلگام سے کہرام تک

چٹکا
ڈاکٹر محمد صغیر خان

وہ غالباً22اپریل2025 کا دن تھا جب بھارتی مقبوضہ کشمیر کے خوبصورت سیاحتی مقام پہلگام میں ہندوستان بھر سے آئے ہوئے26 سیاح ایک دہشتگردانہ کارروائی میں ہلاک کردیئے گئے ، یہ انتہائی دلخراش سانحہ کیوں، کیسے اور کن ہاتھوں سے سرزد ہوا؟ یہ وہ الجھا سوال ہے جس نے ازاں بعد حالات کو مزید گھمبیر بنا دیا۔ ہندوستان نے روایتی طرز فکر کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس واقعے کا الزام پاکستان پر دھرنے میں ذرا بھی تامل نہیں کیا اور اس باب میں سب کچھ اتنی تیزی سے آگے بڑھایا کہ سنجیدہ فکر حلقوں کے لیے ہندوستان اور اس الزام کی سنجیدگی ایک معمہ بن گئی۔ دوسری طرف پاکستان نے اسے ہندوستان کی اپنی کارستانی قرار دیا اور ''نسبتاً ٹھہراؤ'' کا مظاہرہ کرتے ہوئے بین الاقوامی سطح پر اس واقعے کی مذمت کے ساتھ ساتھ اس ضمن میں تحقیقات کی راہ بھی دکھلائی اور خود ان تحقیقات میں شامل ہونے کا اعلان بھی کیا۔ پہلگام چونکہ ریاست جموں کشمیر کا علاقہ ہے لہذا فطری طور پر اس واقعے کے سب سے زیادہ اثرات یہاں پر بھی پڑے۔ اولاً ہندوستان نے اپنی ناکامی کی کالک دوسروں کے چہروں پر ملنے کی روش اختیار کرتے ہوئے سری نگر، پہلگام اور دیگر علاقوں میں تحریک آزادی سے وابستہ کرداروں کو گرفتار اور بہت سوں کو شہید کر دینا شروع کیا اور ایک خوف ناک کریک ڈاؤن کیا گیا۔ کشمیری عوام اس اندوہناک واقعے کی مذمت بھی کرتے رہے اور اس سے لاتعلقی کا اعلان بھی کرتے رہے لیکن بدمست ہاتھی کب تنکوں چیونٹیوں کو خاطر میں لاتا ہے سو یہی طرز عمل بھارت نے برتا۔ اسی طرح پاکستان زبانی کلامی اس سے اپنی برأت کا اعلان تو کرتا رہا لیکن اس سے ہندوستان مطمئن ہوا نہ مقبوضہ کشمیر کے لوگوں کو کوئی ریلیف میسر آیا۔ رہی بات آزاد کشمیر اور بیرون ملک مقیم کشمیریوں کی تو بدقسمتی سے اس حوالے سے نسبتاً غیر سنجیدگی کا مظاہرہ ہر حلقہ فکر کی طرف سے کیا گیا اور یوں صورتحال الجھتی گئی۔ آگے بڑھنے سے پہلے اگر پہلگام واقعے بلکہ سانحے کو پورے اہتمام سے دیکھیں تو صاف نظر آتا ہے کہ یہ ایک منظم کارروائی تھی۔ اس کے لیے سٹیج کشمیر میں بنایا سجایا گیا اور اس کے بعد اولاً اہل کشمیر پر مزید ستم ڈھائے گئے۔ یہ سٹیج کس نے سجایا؟ ہندوستان نے خود یا کوئی اور اس کے پیچھے تھا یہ ہنوز جواب طلب ہے لیکن یہ بہرحال طے ہے کہ یہ طے شدہ جسے آج کل SCripted کہا جاتا ہے معاملہ تھا۔ ہوسکتا ہے کہ پہلگام میں ہونے والی معاشی سرگرمیاں جس میں بڑی Investmint ہونے جاری ہے اور جس کا سب سے بڑا حصہ سعودی عرب سے متعلق بتایا جاتا ہے، کے لیے زمین کے آسان حصول کے لیے وہاں کے منصوبہ سازوں نے یہ راہ اپنائی ہو۔ اسی طرح یہ بھی ہوسکتا ہے کہ ہندوستان نے کسی اور راہ پر آگے بڑھنے کے لیے یہ سب کیا ہو۔ جہاں تک ہندوستان کے الزام کا تعلق ہے، اسے بھی زیر غور لایا یا بہرحال جاسکتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ سب عالمی بدلتے حالات میں دانش مندی سے الجھائی ڈور بھی ہوسکتی ہے۔ گویا جو کچھ بھی ہوا اس واقعے کے اثرات بہرحال دوررس ہوئے ہیں اور یوں حکمت عملی کی کامرانی بھی ہے اور نا سمجھی کی ''شوخی'' بھی۔

پہلگام واقعے کے بعد ہندوستان پاکستان کشیدگی میں اضافہ ہوا اور پھر بات باقاعدہ جنگ کے چھڑنے تک جا پہنچی۔ تقریباً چار روزہ جنگ یا ''جنگی ٹریلر'' کی تفصیلات سے چونکہ سبھی شناسا ہیں لہذا ان سے صرف نظر کرتے ہوئے دیکھا جائے تو یہ جنگی واقعہ جہاں ہندوستان اور پاکستان کے لیے فتح اور شکست کا معیار ہوگا وہاں اس سب سے اہل کشمیر کے دکھوں، زخموں اور مصائب میں کئی گنا اضافہ ہوگیا ہے۔

مزے کی بات یہ ہے کہ آپریشن سندور اور آپریشن بنیان المرصوص جو علی الترتیب ہندوستان اور پاکستان ہر دو ممالک اپنی اپنی رائے اور حساب میں فاتح رہے اور ہر دو طرف فتح کے جشن منائے جارہے ہیں۔ جو یقیناً ان کا حق ہے کہ ان کے اپنے مفادات اور ضرورتیں ہیں اور ملکی حکومتی اور عسکری سطح پر ان کا تحفظ ان کا فرض ہے۔ اس جنگ کو ''غزوہ ہند'' بھی کہا گیا اور ممکن ہے کہ ایسا بھی ہو کہ چیزوں کو دیکھنے پرکھنے کا علیحدہ علیحدہ زاویہ ہوتا ہے اور فہم و درک کی بھی ایک سطح ہوتی ہے لہٰذا اس بحث کے بجائے کہ امریکہ جیسے ملک کی مداخلت، ثالثی یا حکم پر اس کا رک تھم جانا کیا کہلائے گا، ہم جموں کشمیر پر اس کے اثرات پر نظر ڈالیں تو بہتر ہوگا۔

ویسے بھی میں کنویں کا مینڈک ہوں، مجھے عالمی امن اور معاشی تقاضے نظر آتے ہیں نا غزہ سے کشمیر تک دینی وابستگیوں کی سنجیدہ صورت دیکھنے کو ملتی ہے اور نہ ہی ہندوستان پاکستان کے مظلوم عوام کی چیخیں اور دہلی کے لال قلعے پر لہراتا سبز ہلالی پرچم دکھتا ہے، میں تو وہ ہوں جسے اس جنگ میں جموں کشمیر میں ہر سو ہر چپے پر آگ اور بارود کے خون اور اس میں جلتے تڑپتے بلکتے کشمیری ہی نظر آتے ہیں کہ شاید انسانی فطرت ہے کہ اپنا گھر جل رہا ہو تو کسی اور کی ''جلتی کہاڑی'' کی فکر بہت کم ہی کو ہوتی؟ ''اعلیٰ ظرف'' کردار کر سکتے ہیں۔ سو میں جہاں ایل او سی پر بچھنے والی جانوں، ان شہادتوں، رستے زخموں، جلتے گھروں برباد ہوتی فصلوں کو سوچتا دیکھتا ہوں اور پھر تیزی سے آگے بڑھتے معاملات میں اس سب سے پورے اہتمام سے ہونے والے صرف نظر کو دیکھتا ہوں تو مجھے مایوسی اور کرب کی ایک گہری کھائی اپنے اندر سمو دھر لیتی ہے۔ ۔اوڑی، ادھم پور، سری نگر، جموں کیلو جی تنصیبات اور دیگر کئی مقامات پر ہندوستانی فوجی ٹھکانوں پر ہونے والی بمباری نے یقیناً پاکستان کو فائدہ اور ہندوستان کو نقصان سے ہمکنار کیا ہوگا۔ یہ سب کشمیری عوام کی کے لیے اہم تر بھی ہے لیکن اس سب میں کشمیر عوام کی ہلاکتیں وہ چشم کشا حقیقت ہے جس سے گریز بہرحال برتا اور بڑھتا جارہا ہے۔ اسی طرح نیلم سے تیتری وال تک جس میں لیپہ، حویلی، پونچھ کھوئی رٹہ، سماہنی، برنالہ، بھمبر سمیت سبھی خون تھوکتے مقامات آتے ہیں، پر ہندوستانی ننگی بربریت نے دہلی کا ''ہوتا تو ٹھنڈا'' کیا ہوگا لیکن اہل کشمیر پر جو بیتی وہ کون کہے دیکھے؟ اس کے علاوہ سیز فائر ہونے کے بعد ایل او سی پر ہونے والی لگا تار فائرنگ اور گولہ باری وہ شہر آشوب یا نوحہ ہے، جسے پڑھنے سننے کی کسی کے پاس شاید ہی فرصت ہو۔ بات اگر یہاں تک ہوتی تو شاید سہہ لی جاتی کہ جنگوں میں ''جنڈوں'' کی خرابی ہوتی ہی اور اہل کشمیر بلا تخصیص ''جنڈ کرنڈ'' سے زیادہ شاید کچھ بھی نہیں ہیں لیکن اب جب تمام امور پر امریکہ اور اس قبیل کے دوسرے ممالک کی سرپرستی میں بات درمیان بات چیت ہوگی تو ان دو ممالک کے درمیان پائیدار امن کے لیے جموں کشمیر کے قضیے کو کیسے لیا اور دیکھا جائے گا۔ یہ سمجھنا کوئی ''مسئلہ فیثاغورث'' ہرگز نہیں ہے اور بلاشبہ یہی وہ خطرناک ترین مرحلہ ہے جو ریاست جموں کشمیر اس کی وحدت، اس کی آزادی اور یہاں بسنے والے دو کروڑ سے زائد لوگوں کی خواہشات کے قتل کی صورت ظاہر ہو گا اور بدقسمتی میں ہم اہل کشمیر جو باہم دست و گریبان، اس جانب سوچنے کا تردد بھی نہیں کر رہے۔ اس نازک ترین موڑ پر کشمیری قوم، سیاست اور قیادت کو سنجیدگی بلکہ فہمیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنے وجود کا احساس کرنا ہوگا اور دوسروں کو احساس دلانا ہوگا، نیز ایل او سی اور آئے دن والے پچھلے کہرام کی شدید کرتے ہوئے اجتماعی طور پر قومی موقف کی طرف بڑھنا اور اسے عالمی سطح پر پوری طاقت سے سامنے لانا ہوگا ورنہ۔ ہماری داستان تک بھی نہ ہوگی داستانوں میں۔۔۔۔۔۔۔

☆☆☆☆☆

تقریب مشائعیت بسلسلہ ریٹائرمنٹ پروفیسر طارق اکبر*

پروفیسر محمد ایاز کیانی

انسان اشرف المخلوقات کے منصب جلیلہ پر فائز ہے۔ کائنات ہست و بود میں اب تک اربوں انسانوں نے جنم لیا اور بقول شیکسپیئر زندگی ایک سٹیج ہے جہاں ہر انسان اپنے حصے کا کردار ادا کر کے پس پردہ چلا جاتا ہے۔ مگر چند لوگ ایسے ہوتے ہیں جو کرہ ارض پر اپنے بے پایاں کام کی وجہ سے ایک آفاقی کردار ادا کر جاتے ہیں اور ایک دنیا ان کے نام، کام اور کارہائے نمایاں سے مستفید ہوتی ہے، مگر کچھ لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جو محدود سطح پر اپنا رول کامیابی سے ادا کر کے بے پناہ ہجوم میں نمایاں ہو جاتے ہیں۔

پروفیسر طارق اکبر کا تعلق پلندری آزاد کشمیر سے ہے یہ وہ علاقہ ہے جہاں بابائے قوم کرنل خان محمد خان نے آزادی سے قبل ہی ایک نمایاں کردار ادا کر کے تعلیم کے فروغ کا بیڑا اٹھایا اور شعور اور آگاہی کے ورود کرنے کے لیے ایک زبردست ریفارمر کا کردار ادا کیا۔ شاید اسی تعلیمی مساعی کا نتیجہ تھا کہ ایک طرف غازی ملت برطانیہ سے اعلیٰ تعلیم حاصل کرتے ہیں تو دوسری طرف جنرل عزیز ملکی سطح پر ایک نمایاں مقام حاصل کرنے میں کامیاب ہوتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ شیخ الحدیث مولانا محمد یوسف بھی آزاد کشمیر کا ایک نمایاں نام ہیں جنہوں نے اس علاقے میں جنم لیا۔ سردار طارق اکبر سے میری زیادہ شناسائی نہیں ہے ہماری پہلی ملاقات آزاد کشمیر انٹر بورڈ کے زیر اہتمام کھیلوں کے مقابلوں کے دوران گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج باغ میں ہوئی جہاں میں گورنمنٹ ماڈل سائنس کالج کی اقبال ٹیم لے کر گیا ہوا تھا۔ پھر ایک سال قبل پوسٹ گریجویٹ کالج راولاکوٹ میں کرکٹ کی ٹورنامنٹ کے دوران انہیں اپنی ٹیم کی کوچنگ کرتے ہوئے دیکھا اور ملاقات ہوئی۔

پچھلے سال ملک مشتاق لائبریرین کی الوداعی تقریب کے لیے کوٹلی جاتے ہوئے تھوڑی دیر کے لیے پوسٹ گریجویٹ کالج پلندری رکے تو آپ نے خطہ کشمیر کے عظیم سکالر، محقق اور اقبال شناس جناب عبدالعلیم حلیم صدیقی کے فرزند ارجمند پروفیسر نعمان صدیقی پرنسپل ادارہ سے میرا تعارف ایک لکھاری کے طور پر کرایا، گویا میری ان سے شناسائی کی وجہ میری ٹوٹی پھوٹی تحریریں ہی بنیں۔

تین مئی بروز ہفتہ آپ کی ریٹائرمنٹ کے سلسلے میں الوداعی تقریب پوسٹ گریجویٹ کالج پلندری میں انعقاد پذیر ہوئی۔ طارق اکبر صاحب نے مجھے تقریب میں شمولیت کی بڑی پرخلوص دعوت دی مگر میں باوجود خواہش اور ارادے کے تقریب دل پذیر میں شرکت سے محروم رہا، البتہ اس شام ساری کارروائی کالج کے فیس بک پیج کے ذریعے براہ راست ملاحظہ کی۔ یہ اپنی نوعیت کی ایک منفرد اور یگانہ روزگار تقریب تھی۔ جس کا سہرا کالج کے پرنسپل سردار لہراسب کی ذاتی دلچسپی کے سر ہے۔ اس کے علاوہ تقریب میں زیادہ نمایاں کردار طارق اکبر کے دوستوں سردار ذوالقرنین حبیب اور اسد سلیم کا دکھ رہا تھا۔ یقیناً کچھ پس پردہ کردار بھی ہوں گے جنہوں نے اس خوبصورت بزم کو سجانے میں اپنے حصے کا کردار بخوبی نبھایا۔ ایسی تقریبات جانے والے کے لیے ایک یادگار ہوتی ہیں وہ جس محکمہ میں اپنی زندگی کی خوبصورت اننگز کے قیمتی ماہ و سال بتاتے ہیں۔ ان کی بجا طور خواہش ہوتی ہے کہ ان کی مساعی اور خدمات کو اکنالج کیا جائے اور انہیں سراہا جائے۔ کچھ لوگ اپنے مضبوط رابطوں، تعلقات اور ہمہ گیر صلاحیتوں کی وجہ سے اس طرح کی تقریبات کو منفرد بنانے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔ سردار طارق اکبر کی ریٹائرمنٹ کی تقریب جس انداز، سلیقے اور اہتمام سے انجام پائی یقیناً اس میں ان کے دوستوں کے کردار کے علاوہ ان کے اپنے تعلقات اور رابطوں کی صلاحیت کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ ایک ریٹائرڈ جج ابتدا سے آخر تک کرسی صدارت پر متمکن رہے۔ سابق حکومت کے ایک نہایت متحرک وزیر ڈاکٹر نجیب نقی تقریب میں ہمہ وقت موجود رہے ہیں۔ اس کے علاوہ پلندری شہر کے علاوہ تینوں ڈویژنز سے چیدہ چیدہ دوستوں کی شرکت سے تقریب کی معنویت اور افادیت میں یقیناً خوب اضافہ ہوا۔ جناب پرنسپل نے اسپیشل سیشن کے دوران طارق اکبر کو والہانہ خراج تحسین پیش کیا۔ بچوں نے نہایت نظم و نسق سے اپنے استاد کو الوداع کہا۔ تقریب شروع ہونے سے قبل احباب کے جلو میں ہاروں سے لدے پھندے طارق اکبر مرکزی ہال میں داخل ہوئے تو ایسے لگ رہا تھا کہ واقعی کوئی غیر معمولی واقعہ وقوع پذیر ہو رہا ہے۔ تقریب کی طوالت اگرچہ پروگرام کی نوعیت کے اعتبار سے زیادہ نہ تھی مگر مقررین کی ایک طویل تعداد کو بھگتنا کر سکون سے بیٹھے رہنا کار آسان نہ تھا مگر ہال کے اندر طلبہ و طالبات کے نظم و ضبط اور سامعین کا جم کر بیٹھے رہنا یقیناً رئیس ادارہ کی ذاتی دلچسپی اور سٹاف کے غیر معمولی تعاون کے بغیر ممکن نہ تھا۔ اس پر جملہ منتظمین مبارکباد کے مستحق ہیں۔ یہ قابل تقلید مثال ہے جس کی تحسین کی جانی چاہیے۔ سٹیج سیکرٹری کے فرائض شعبہ کیمسٹری کے استاد اسد سلیم نے انجام دیے۔ اشعار کے برمحل استعمال اور مہمانوں کی ستائش کے لیے جملوں کی پیشکش قابل فخر تھی۔ پروگرام میں تلاوت کی سعادت سال اول کے طالب علم نے حاصل کی پھر ایک اور طالب علم نے نعت رسول مقبول بحضور سرور کونین پیش کر کے قلب و روح کی تازگی کا سامان کیا۔ تقریب کے پہلے مقرر کے طور پر ذوالقرنین حبیب کو دعوت دی گئی آپ نے سردار طارق اکبر کی زندگی کا تعارفی خاکہ بچے تلے اور منفرد انداز و اسلوب میں پیش کیا۔ سردار محمد جاوید خان پرنسپل انٹر کالج بچھے چھن، سردار اظہر محمود پرنسپل انٹر کالج بارل، اور سردار زرین خان پرنسپل ڈگری تراڑکھل نے جانے والے کی سرگرم اور متحرک شخصیت کے حوالے سے اپنے احساسات پیش کیے۔ پرنسپل انٹر کالج نالیاں عتیق الرحمان نے نسبتاً زیادہ پر اعتماد انداز میں نہ صرف سردار طارق اکبر کی خدمات کو ہدیہ خراج پیش کیا بلکہ قرآن پاک کی سورہ حجرات کی آیت کا حوالہ دے کر کہا کہ ارشاد ربانی ہے '' کہ ایک دوسرے کی ٹوہ نہ لگایا کرو اور نہ ہی دوسروں کی پیٹھ پیچھے ان کی بدخوئی کرو اور نہ انہیں برے القابات سے یاد کرو'' پرنسپل ماڈل سائنس کالج راولاکوٹ سردار محمد ایاز خان نے کہا کہ اس وقت غزہ اور فلسطین میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ ہماری کمزوریوں اور بداعمالیوں کا نتیجہ ہے ہم اپنے نظام تعلیم کو نہ صرف یہ کہ جدید تقاضوں سے ہم آہنگ نہ کر سکے بلکہ بحیثیت ذمہ دار شہری اور امت کا درد رکھنے والا فرد بھی تیار نہ کر سکے۔ آج اگر امت اپنے برے وقت سے گزر رہی ہے تو اس کی وجوہات کا تعین کیے بغیر ہم آگے نہیں بڑھ سکتے۔ سردار حبیب تبسم، انجینئر اویس صدر گزیٹڈ آفیسرز ایسوسی ایشن سردار شاہد احمد ممبر ضلع کونسل نے سردار طارق اکبر کی خدمات پر انہیں مبارکباد پیش کی اور ان کی آنے والی زندگی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ سکندر اعظم اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ عربی نے طارق اکبر کو مبارکباد دی اور کہا کہ سردار طارق خوش قسمت ہیں کہ انہیں اتنے اچھے انداز میں الوداع کہا جا رہا ہے۔ یہ موقع جہاں خوشی کا باعث ہے وہیں پر خود احتسابی کا بھی موقع فراہم کرتا ہے اگر انسان کے اندر واقعی اچھی خوبیاں موجود ہیں تو اسے اپنے پروردگار کا شکر ادا کرنا چاہیے اور اگر خدانخواستہ مبالغہ سے کام لیا گیا ہے تو اپنے رب سے اپنے گناہوں کی معافی طلب کر کے استغفار کرنا چاہیے۔ سردار محبوب حسین سابق پرنسپل نے کہا کہ میں انہیں سروس کی کامیاب تکمیل پر مبارکباد پیش کرتا ہوں یہ کافی ہوشیار آدمی ہیں۔ یقیناً مستقبل کے لیے پیش بندی کر رکھی ہوگی۔ میں ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتا ہوں۔ ڈاکٹر شعیب کیڈٹ کالج، سردار افضل شاہین، پروفیسر ریٹائرڈ چوہدری شریف اور سردار تسلیم صدر پریس کلب سدھنوتی نے سردار طارق کی خدمات کو خوب سراہا اور ان کے آنے والی زندگی کے خیر و برکت کی تمناؤں کا اظہار کیا۔ نامور محقق اور ادیب سردار سعادت اکبر نے سردار طارق اکبر کو خراج تحسین پیش کیا۔ آپ نے کہا کہ میں طلبہ و طالبات سے مخاطب ہو کر کہوں گا کہ آپ لوگ سردار طارق اکبر کی زندگی سے سبق سیکھیں اور جس طرح انہوں نے محنت اور مسلسل کوشش سے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا اسی طرح آپ بھی انہیں رول ماڈل بنا کر سخت کوشی کے ذریعے معاشرے میں بلند مقام حاصل کریں۔ علم نافع حاصل کریں تا کہ کامیابی آپ کا مقدر ٹھہرے۔ پروفیسر ظفر حسین ظفر نے کہا کہ آج طارق اکبر وی۔ آئی۔ پی ہیں۔ میں انہیں مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ آپ کے کالج کے بچے بہت منظم انداز سے بیٹھے ہیں۔ جس پر جناب پرنسپل اور ان کی ٹیم مبارکباد کی مستحق ہے۔ کیونکہ ادب پہلا قرینہ ہے محبت کے قرینوں میں۔۔ چوہدری عبدالرحیم نامزد جنرل سیکرٹری پاسبان گروپ پی۔ جی۔ سی کوٹلی نے کہا کہ سردار طارق نے محکمے میں بھرپور کردار ادا کیا جس پر وہ خوب مبارک کے مستحق ہیں۔ آپ نے اپنا کردار سے ان مٹ نقوش چھوڑے ہیں۔ سردار شاد حسین سابق پرنسپل پی۔ جی۔ سی۔ باغ نے کہا کہ یہ میرے شاگرد ہیں۔ یہ شروع سے ہی گراؤنڈ کے آدمی تھے انہوں نے سپورٹس کے میدان میں اپنی صلاحیتوں کے خوب جوہر دکھائے ہیں۔ میری دعا ہے کہ یہ آئندہ بھی اپنی صلاحیتوں سے معاشرے کو مستفید کرتے رہیں۔ سابق پرنسپل نعمان صدیقی جن کا اپنے والد کی وجہ سے معاشرے میں بڑا احترام ہے انہوں نے اپنے کردار سے ثابت کیا کہ بڑے لوگ باتوں سے نہیں بلکہ اپنے کردار سے بنتے ہیں۔ آپ نے اپنی اصل عمر کے مطابق قبل از وقت ریٹائرمنٹ لے کر ایک قابل تقلید مثال قائم کی آپ نے کہا کہ میں جناب پرنسپل اور ان کی پوری ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور سردار طارق کے لیے دعا گو ہوں آپ نے اپنا رول بڑی بہادری سے نبھایا ہے۔ سابق ڈی۔ پی۔ آئی کالجز خواجہ حنیف ڈار نے کہا کہ میں چھ سال تک اس ادارے میں بحیثیت پرنسپل تعینات رہا۔ آپ بہت بہادر اور اپنے کام سے محبت رکھنے والے اور کسی قدر ضدی کردار کے مالک ہیں۔ جس کام کی ٹھان لیں وہ کر گزرتے ہیں۔ سردار طارق کے بڑے بھائی نسیم اکبر (ریٹائرڈ مدرس) نے اپنے پورے خاندان کی طرف سے پرنسپل ادارہ اور ان کے جملہ سٹاف کا عزت افزائی پر عمیق قلب سے شکریہ ادا کیا۔ سردار فاروق خان سابق صدر ایکلا نے جانے والے کی خوبیوں کو سراہا اور جناب پرنسپل کو مبارکباد پیش کی کہ ان کے بچے اس قدر خاموشی اور نظم و ضبط سے بیٹھے ہیں۔ آپ خوش قسمت ہیں کہ اتنے باادب بچے آپ کے پاس موجود ہیں۔ صدر آزاد کشمیر کالج لیکچرز ایسوسی ایشن طارق سلیم شاہ نے کہا کہ میں سردار طارق اکبر کو ان کی ریٹائرمنٹ پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ آپ کالج کیمونٹی کا اثاثہ ہیں۔ آپ نے اپنی بھرپور اور متحرک اننگز کھیلی۔ آج دراصل جناب مہمان خصوصی کو سننے کا موقع ہے۔ سردار خالد محمود نے کہا کہ آپ نے اپنا کردار بخوبی نبھایا ہے۔ تقریب کا ماحول تھوڑا سنجیدہ ہے۔ میں نے انہیں سیدھا، کھرا اور سچا انسان پایا۔ میری دعا ہے کہ آپ ہمیشہ خوش وخرم رہیں۔ بدقسمتی سے ہمارے کالجز میں بے شمار تدریسی پوسٹیں خالی ہیں۔ جس کی وجہ سے طلبہ و طالبات کا بہت زیادہ تعلیمی حرج ہو رہا ہے۔ میں حکومت وقت سے مطالبہ کرتا ہوں کہ ان خالی اسامیوں کو فوری طور پر پر کیا جائے۔ سابق وزیر حکومت ڈاکٹر نجیب نقی نے کہا تقریب میں بے تحاشا مقررین کو بھگتنا کار آسان نہیں تھا، مگر سامعین کو شاباش کہ انھوں نے انھیں تحمل سے برداشت کیا۔ سردار طارق میرے ساتھ پی۔ آر۔ او رہے۔ یہ بڑے باصلاحیت آدمی ہیں۔ ان کی صحت دیکھ کر نہیں لگتا کہ یہ 60 سال کے ہو گئے ہیں۔ میرے خیال میں ریٹائرمنٹ کی عمر بڑھا دینی چاہیے۔ یہ ان کی ہر دلعزیزی ہی ہے کہ پورے آزاد کشمیر سے ان کے دوست و احباب ان کی الوداعی تقریب میں موجود ہیں۔۔۔ امید ہے یہ آئندہ بھی اپنی صلاحیتوں کی وجہ سے اپنے لوگوں کے لیے کردار ادا کرتے رہیں گے۔ مجھے یہ سن کر حیرت ہوئی کہ پورے آزاد کشمیر کے کالجز میں 600 سے 700 تدریسی پوسٹیں خالی ہیں۔ حکومت کو انہیں اولین فرصت میں پر کرنا چاہیے۔ مہمان خصوصی سردار طارق اکبر نے کہا کہ میں جناب پرنسپل ان کے سٹاف اور پورے آزاد کشمیر سے سفری صعوبتیں برداشت کر کے میری عزت افزائی کے لیے آنے والے دوستوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ میں اس قدر عزت افزائی کے (جاری ہے۔۔۔۔۔۔۔)

تمام مضامین نیک نیتی سے شائع کیے جاتے ہیں، کالم نگاروں کی آراء سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

(ادارہ)......



آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر کی تین ترجیحات .... تحریک آزادی کشمیر ...... گڈ گورننس ...... تعمیر و ترقی

از دفتر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر سدھنوتی / پلندری

درخواستیں مطلوب ھیں

[illegible]

نمبر شمار	نام آسامی مع سکیل	تعلیمی قابلیت	مقام تعیناتی	تعداد	حلقہ انتخاب	نوعیت
01	B-11 [illegible]	(I) Bechelor,a degree from any University recognized by HEC (II)Typing speed of 25 wpm in english or Urdu and 06 months computer Diploma	[illegible]	01	ضلع سدھنوتی	مستقل
02	B-09 [illegible]	(I) Matric Science second Devision (II) Two year Diploma in relevant field from any recognized Institute/ board of a provincial Goverenment or Federal authority or Paramedical Institute Mirpur OR One year Diploma in relevant field from any recognized Institute /board of a provincial Goverenment or Federal authority or Paramedical Institute Mirpur with three year experience any Government Hospital	THQ THQ RHC [illegible] CO FAP [illegible]	[illegible]	ضلع سدھنوتی	مستقل
03	B-09 [illegible]	-do-	THQ THQ	01 02	ضلع سدھنوتی	مستقل
04	B-09 [illegible]	-do-	THQ THQ	01 01	ضلع سدھنوتی	مستقل
05	B-09 [illegible]	-do-	THQ RHC	01 01	ضلع سدھنوتی	مستقل
	B-09 [illegible]	-do-	THQ	01	ضلع سدھنوتی	مستقل
06	B-09(EPI) [illegible]	(I) Matric Selence second Devision (II) Two year Diploma In Relevent Fields from any Recognized institutes/ board of a provincial Government or Fedal Authority of Paramedical Institute Mirpur	THQ RHC THQ THQ.H RHC	01 02 01 01 01	ضلع سدھنوتی	مستقل
07	B-09 [illegible]	(I) Matric with Science (II) 02 Years Diploma of medical Technician from recognized institute/Board	THQ THQ	01 01	ضلع سدھنوتی	مستقل
08	(MCH) B-09 [illegible]	I) Matric with Science 2nd Division (II) Two year Diploma in relevent field recognized by Pakistan Nursing Council	THQ RHC RHC	02 01 01	ضلع سدھنوتی	مستقل
09	B-5 (PHC) [illegible]	[illegible]	[illegible]	01 01	[illegible]	مستقل
10	[illegible]	PSV/HTV [illegible]	THQ	01	[illegible]	مستقل
11	PHC [illegible]	PSV/HTV [illegible]	BHU	01	U/C [illegible]	مستقل
12	[illegible]	I. Literate II. On basis of suitability and fitness	DHO [illegible] RHC RHC RHC FAP	01 02 01 01 01 01	ضلع سدھنوتی [illegible]	مستقل
13	B-02 [illegible]	-do-	DHO	01	ضلع سدھنوتی	مستقل
14	B-02 [illegible]	-do-	THQ	01	[illegible]	مستقل
15	B-02 [illegible]	-do-	THQ RHC RHC BHU BHU BHU BHU BHU BHU	01 01 01 01 01 01 01 01 01	[illegible]	مستقل
	B-02 [illegible]	ایضا	RHC RHC BHU BHU BHU	01 01 01 01 01	[illegible]	مستقل
17	B-02 [illegible]	ایضا	BHU	01	[illegible]	مستقل

[illegible]

No.AKPD/75N/05/2025

www.pidajk.gok.pk